۲۷۔	ایران کی ائیربس	۳ جولائی ۱۹۸۸ء	اس طیارے کو امریکی جنگی بیڑے نے میزائل سے نشانہ لگا کر تباہ کر دیا جس سے ۲۹۰ افراد ہلاک ہو گئے۔
۲۸۔	فرانس کی ائیربس اے ۳۲۰۔	جولائی ۱۹۸۸ء	یہ طیارہ جنگل میں کریش کر گیا جس سے اس حادثہ میں تین مسافر ہلاک اور ۵۰ زخمی ہو گئے۔

	جس ملک کا طیارہ تھا	تاریخ حادثہ	کیفیت
	پان امریکن کا بوئنگ ۷۴۷	۲۱ دسمبر ۱۹۸۸ء	اس حادثے میں ۴۹ مسافر اور عملے کے تمام افراد ہلاک ہو گئے تھے۔
۱۔	برطانیہ کا بوئنگ ۷۳۷	آٹھ جنوری ۱۹۸۹ء	ایک شاہراہ پر کریش ہو جانے کی وجہ سے ۴۴ افراد ہلاک ہو گئے مگر عملے کے آٹھ افراد تمام کے تمام زندہ بچ گئے۔

سیاچن بلتی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں جنگلی گلاب۔ بلتستان پاکستان کا حصہ ہے اور سیاچن کے ارد گرد آباد لوگوں کی زبان بلتستانی ہے۔ اس علاقے میں پاکستان کی کرنسی چلتی ہے۔ سیاچن پاکستان کا دوسرا بڑا گلیشیئر ہے۔ سیاچن سولہ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے تمام جگہ برفیلی ہے۔ سخت سردی میں درجہ حرارت منفی پچاس سے منفی تیس ڈگری تک رہتا ہے۔ سخت گرمی کے موسم میں بھی یہاں کی سردی برداشت نہیں ہوتی۔

سیاچن گلیشیئر کو سب سے پہلے ڈاکٹر سیف لانگ نے دریافت کیا تھا۔ ساری دنیا میں سیاچن گلیشیئر کو پاکستان کا حصہ سمجھا جاتا ہے اس لیے دنیا بھر کی جتنی بھی کوہ پیما جماعتیں اس علاقے کی چوٹیاں سر کرنے کے لیے آئیں تو انھوں نے حکومت پاکستان سے ہی اجازت نامے لیے تھے۔

پاکستان اور بھارت میں اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل کے نمائندے کی رپورٹ کے مطابق بھی سیاچن گلیشیئر پاکستان کا ہی حصہ ہے۔

سیاچن گلیشیئر کشمیر کی طرف سے سولہ سے بائیس ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ پاکستان کی طرف سے سیاچن گلیشیئر تک جانے کے لیے گلگت سے اسکردو اور پھر اسکردو سے آگے ڈم سم کا میدانی علاقہ آتا ہے۔ یہاں سے سیاچن گلیشیئر اٹھارہ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ ڈم سم سے آگے گوما کا علاقہ آتا ہے پھر درہ سالتورو پھر درہ بیلافونڈا

اس کے بعد درہ گیانگ سے ہوتے ہوئے سیاچن تک جایا جاتا ہے۔ لیکن سیاچن پر پہنچنا اتنا آسان نہیں ہے۔ یہاں پر ہمتیں جواب دے جاتی۔ حوصلے بار بار ہار جاتے ہیں۔ ارادے ٹوٹ ٹوٹ کر بنتے ہیں۔ ٹھنڈی اور یخ بستہ ہواؤں میں چلنا اتنا دشوار ہوتا ہے کہ یہ سفر کئی دن اور کئی راتوں پر محیط ہو جاتا ہے یہاں پر عام دنوں میں درجہ حرارت منفی پچیس سنٹی گریڈ سے بھی کم ہو جاتا ہے اور پھر رات کے وقت تو اور بھی بہت کم ہو جاتا ہے۔

اس علاقے میں سیدھی اور سپاٹ پڑھائیاں برف سے اٹی پڑی ہیں اور چلتے ہوئے پاؤں زمین پر نہیں ہوتے بلکہ برف میں دھنس جاتے ہیں۔ یہاں پر آکسیجن کی بے حد کمی ہوتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینے میں دشواری پیش آتی ہے اور قوت نعت میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ یہاں پر بعض اوقات سو میل فی گھنٹہ کی رفتار سے برفانی ڑھی چلتے رہتے ہیں۔

اس علاقے میں ہیلی کاپٹر کو لینڈ کرنے کے بعد اس کا انجن بند نہیں کرتے اسلیئے یہاں پر آکسیجن کی کمی کی وجہ سے اسے اسٹارٹ ہی رکھا جاتا ہے اگر انجن بند کر دیا جائے تو پھر ڈر ہوتا ہے کہ کہیں دوبارہ انجن سٹارٹ ہی نہ ہو۔

سیاچن کے محاذ پر فوجیوں کے لیے فائبر گلاس کے چھوٹے چھوٹے خیمے نصب ہیں اس جگہ ایک فوجی جوان کو جو وردی پہننے کے لیے دی جاتی ہے۔ اس کی قیمت چار ہزار ڈالر ہوتی ہے۔ جوتے بھی خاص قسم کے پہنے ہوتے ہیں جو کہ امریکہ سے منگوائے گئے ہیں ایک جوڑے کی قیمت آٹھ ہزار روپے ہوتی ہے۔ یہ وردی مشکل سے چھ ماہ چلتی ہے۔ فائبر گلاس کے خیموں میں مسلسل مٹی کے تیل کا چولہا جلتا رہتا ہے۔ اگر یہ تمام احتیاطی تدبیریں نہ کی جائیں تو سیاچن پر انسان کا زندہ رہنا ناممکن ہو جائے یہاں پر فوج نے آپس میں رابطے کے لیے ٹیلی فون لائنیں بچھائی ہوئی ہیں جو کئی کئی فٹ برف کاٹ کر بچھائی گئی ہیں۔

سیاچن گلیشیر کی لمبائی ۷۵ کلومیٹر سے زائد اور چوڑائی پانچ کلومیٹر ہے۔

سیاچن گلیشیر سے کے ٹو کو بھی راستہ جاتا ہے۔

سیاچن گلیشیر میں اتنی سردی ہوتی ہے کہ اگر ہاتھ بھی بغیر دستانے کے کسی چیز سے لگ جائے تو ہاتھ کا دورانِ خون رک جاتا ہے یوں لگتا ہے جیسے خون جم گیا ہے اور ہاتھ سُن ہو جاتا ہے اس کیفیت کو سنو بائٹ کہتے ہیں ایسی صورت میں ہاتھ بیکار ہو جاتا ہے اور بالآخر اسے کاٹنا پڑتا ہے۔

سیاچن گلیشیر تک پہنچنے کے لیے دو راستے ہیں ایک راستہ تو وہ ہے جو اسکردو سے ہو کر جاتا ہے اور دوسرا لداخ سے جاتا ہے۔

پاکستان اور چین کی سرحد پر واقع "درہ کرلی" سیاچن گلیشیر کا منبع ہے۔

سیاچن پر غیر ملکی کوہ پیما جماعتیں کب اور کس کی اجازت سے گئیں؟

نام	سَن	اجازت نامہ
امپیریل کالج برطانیہ کی ٹیم	۱۹۵۷ء	حکومتِ پاکستان
آسٹریلیا کی کوہ پیما ٹیم	۱۹۶۱ء	حکومتِ پاکستان
جاپانی کوہ پیما ٹیم	۱۹۶۲ء	حکومتِ پاکستان
جاپانی کوہ پیما ٹیم	۱۹۷۵ء	حکومتِ پاکستان
جاپانی کوہ پیما ٹیم	۱۹۷۶ء	حکومتِ پاکستان
جاپانی کوہ پیما ٹیم	۱۹۸۲ء	حکومتِ پاکستان

۱۹۷۸ء سے قبل سیاچن کی کوئی سیاسی اور فوجی اہمیت نہیں تھی مگر جب شاہراہ قراقرم تعمیر مکمل ہونے کے چند ماہ بعد اس علاقے میں بھارت نے اپنی نظریں لگانا شروع

[کر]دی تھیں۔ ۱۹۸۲ء میں بھارت نے سیاچن کا جائزہ لینے کے لیے خفیہ طور پر ایک [فو]جی دستہ اس علاقے میں بھیجا تھا۔ اس کے بعد ۱۹۸۴ء میں بھارت نے اچانک اس گلیشیر پر اپنی فوجی چوکیاں قائم کر لیں چونکہ یہ علاقہ غیر آباد اور انتہائی بلندی پر ہونے کی [و]جہ سے آمد و رفت بھی نہیں ہے اس لیے پاکستان کو بروقت اس کی خبر نہ ہو سکی۔

پھر ایک دن پاکستانی کوہ پیما محمد حفیظ نے اس علاقے میں بھارتی فوجیوں کو کیمپ لگائے دیکھا تو چپکے سے واپس آکر پاکستان کو اطلاع دی۔ جس پر پاکستانی آرمی نے [فو]ری کاروائی کی اور سیاچن پر باقاعدہ لڑائی کا آغاز ہو گیا۔ بھارت کی پانچ چوکیوں میں سے تین پاکستانی جوانوں نے چھین لی ہیں۔ یہ دنیا کا بلند ترین محاذ جنگ ہے یہاں پر جہاں [جوا]نان کو انسان سے لڑنا پڑتا ہے۔ وہاں موسم کے بے رحم تھپیڑوں کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔

اس علاقے میں ایک ہیلی کاپٹر پر ایک گھنٹے کا خرچہ تیس ہزار روپے ہو جاتا ہے۔

[سی]اچن کے محاذ پر متعین اکثر فوجی جوانوں کو شدید قسم کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں جن میں [پ]لموزی اوڈیمہ اور برین اوڈیمہ کے حملے شامل ہیں۔ ان میں جسم کے حصے مفلوج ہو جاتے [ہیں]۔ یہاں پر انسان کے پھیپھڑوں میں خون کی نالیاں ہوا کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اور خون [پھی]پھڑے کی نالیوں سے باہر آجاتا ہے اس طرح پھیپھڑوں میں خون بھر جاتا ہے۔ خون [کے سر]خ ذرات پھیپھڑوں کے اندر رہ جاتے ہیں اور پانی باہر آجاتا ہے ایسے مریض کو [فو]ری طور پر آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے ورنہ موت واقع ہونے کا شدید خطرہ ہوتا ہے۔

شدید برف باری کی وجہ سے یہاں پر جوانوں کے ہاتھ اور پاؤں بھی ضائع ہو [ج]اتے ہیں۔ سیاچن کے محاذ پر متعین بھارتی فوج کا یومیہ خرچ دو کروڑ روپے ہو رہا ہے جبکہ پاکستان کا خرچہ اس سے کم ہے۔ پاکستان نے بھارت کی سپلائی لائن کو [کاٹ]نے کی غرض سے حال ہی میں درہ گیانگ پر قائم بھارتی چوکی پر قبضہ کر کے اس [در]ے کو مکمل طور پر اپنے کنٹرول میں کر لیا ہے۔

پاک بھارت عسکری قوت

آرمی	بھارت	پاکستان
افرادی قوت	بارہ لاکھ پچاسی ہزار	چار لاکھ اسی ہزار
انفنٹری ڈویژن	۲۰	۱۷
آرمرڈ ڈویژن	۲	۲
میکنائزڈ ڈویژن	۱	+
انڈی پنڈنٹ ڈویژن (انفنٹری)	۸	۸
انڈی پنڈنٹ آرمرڈ بریگیڈ	۸	–
پہاڑی ڈویژن	۱۱	+
ائیر ڈیفنس بریگیڈ	۶	۳
آرمڈ ہیلی کاپٹر	۱۲	نامعلوم
انجینیئر بریگیڈ	۴	۱
فی سپاہی خرچ	۸ ڈالر	۱۴ ڈالر

فضائیہ	بھارت	پاکستان
افرادی قوت	ایک لاکھ پندرہ ہزار	۱۷ ہزار چھ سو

...ڈالیا سے	۶۱۹	۲۸۷

...ریہ	بھارت	پاکستان
...رادی قوت	۵۲ ہزار	۱۶ ہزار
...کرافٹ کیریئر	۲	–
...رگیٹ	۲۴	۱
...رویکا	۱۰	+

...ریہ	بھارت	پاکستان
...ن جہاز	۵	۸
...بدوزیں	۱۴	۶
...ے	۸	۱
...گیں بچھانے اور صاف کرنے۔ پانی		
...خشکی دونوں پر عمدہ کارروائی کرنیوالا بریگیڈ	۱۲	۸

حروف کے اعداد

حروف	اعداد	حروف	اعداد
ا	۱	ض	۸۰۰
ب	۲	ط	۹
ت	۴۰۰	ظ	۹۰۰
ث	۵۰۰	ع	۷۰
ج	۳	غ	۱۰۰۰
ح	۸	ف	۸۰
خ	۶۰۰	ق	۱۰۰
د	۴	ک	۲۰
ذ	۷۰۰	ل	۳۰
ر	۲۰۰	م	۴۰
ز	۷	ن	۵۰
س	۶۰	و	۶
ش	۳۰۰	ہ	۵
ص	۹۰	ی	۱۰

پیمانے

لمبائی

انچ : ۲۵٫۴ ملی میٹر

۱۲ انچ : ایک فٹ : ۰٫۳۰۴۸ میٹر

۳ فٹ : ایک گز : ۰٫۹۱۴۴ میٹر

۲۲۰ گز : ایک فرلانگ

یک فرلانگ : ایک میل ۱٫۶۰۹ کلو میٹر

رقبہ

۱ مربع انچ : ۶٫۴۵ مربع سنٹی میٹر

۱۴۴ مربع انچ : ۱ مربع فٹ ۹٫۲۹ مربع ڈیسی میٹر

۹ مربع فٹ : ۱ مربع گز ۰٫۸۳۶ مربع میٹر

۴۸۴۰ مربع گز : ۱ ایکڑ ۰٫۴۰۵ ہیکٹر

۶۴۰ ایکڑ : ۱ مربع میل ۲۶۹ ہیکٹر

حجم :

۱ مکعب انچ : ۱۶٫۴ مکعب سنٹی میٹر

۱۷۲۸ مکعب انچ : ۱ مکعب فٹ : ۰٫۰۲۸۳ مکعب میٹر

۲۷ مکعب فٹ : ۱ مکعب گز : ۰٫۷۶۵ مکعب میٹر

وزن

۱ گرین : ۰٫۰۶۵ گرام

۲۷٫۳۴۴ گرین : ۱ ڈرام : ۱٫۷۷۲ گرام

۱۶ ڈرام : ۱ اونس : ۲۸٫۳۵ گرام

۱۶ اونس : ۱ پونڈ : ۰٫۴۵۳۶ کلوگرام

۱۴ پونڈ : ۱ سٹون : ۶٫۳۵ کلوگرام

اٹھائیس پونڈ : ایک کوارٹر : ۱۲٫۷۰ کلوگرام

۱۱۲ پونڈ : ایک ہنڈرڈ ویٹ : ۵۰٫۸۰ کلوگرام

۲۰ ہنڈرڈ ویٹ : ایک ٹن : ۱٫۰۱۶ ٹن

سیال اشیاء کے لیے

۱ ڈرام : ۶۰ منم

۱ اونس : آٹھ ڈرام

۱۶ اونس : ایک پونڈ : ۰٫۴۷۳ لٹر

۱ کوارٹ : دو پینٹ : ۰٫۹۴۶ لٹر

۸ پنٹ : ایک گیلن : ۳٫۷۸۵ لٹر

ادویات کے تول کا پیمانہ

اسکرپل : ۲۰ گرین

۳ سکرپل : ۱ ڈرام

۸ ڈرام : ۱ اونس

۱۶ اونس : ۱ پونڈ

اعشاری نظام

لمبائی

۰٫۰۳۹ انچ : ایک ملی میٹر

۱۰ ملی میٹر : ۱ سنٹی میٹر

۱۰ سنٹی میٹر : ۱ ڈیسی میٹر

۱۰ ڈیسی میٹر : ۱ میٹر

۱۰ میٹر : ۱ ڈیکا میٹر

۱۰ ڈیکا میٹر : ۱ ہیکٹو میٹر

۱۰ ہیکٹو میٹر : ۱ کلومیٹر

رقبہ

۶٫۴۵۱۶ مربع سنٹی میٹر : ۱ مربع انچ

ایک مربع سنٹی میٹر : ۰٫۱۵۵ مربع انچ

۹٫۲۹۰۳ مربع ڈیسی میٹر : ایک مربع فٹ

ایک مربع میٹر : ۱٫۱۹۶ مربع گز

ایک ایکڑ : ۰٫۴۰۴۶ ہیکٹر۔

ایک مربع کلومیٹر : ۰٫۳۸۶ مربع میل

حجم

۱۶٫۳۸۷ مکعب سنٹی میٹر : ۱ کیوبک انچ

۰٫۰۲۸ مکعب میٹر : ۱ کیوبک انچ

۰٫۷۶۵ مکعب میٹر : ۱ کیوبک گز

اوزان

۰٫۰۶۵ گرام : ایک گرین

۰٫۰۱۵ گرین : ۱ ملی گرام

۱۰ ملی گرام : ۱ سنٹی گرام

۱۰ سنٹی گرام : ۱ ڈیسی گرام

۱۰ ڈیسی گرام : ۱ گرام

۱۰ گرام : ۱ ڈیکا گرام

۱۰۰ گرام : ۱ ہیکٹو گرام

۰٫۴۵۴ کلوگرام : ۱ پونڈ

۲٫۲۰۵ : ۱ کلوگرام

۳۷٫۳۲۴ کلوگرام : ایک من

۱۰۰۰ کلوگرام : ایک ٹن

پاکستان کے گورنر جنرل

	نام گورنر جنرل	مُدّت
۱۔	قائداعظم محمد علی جناح	۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء
۲۔	خواجہ ناظم الدین	۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء سے ۱۷ اکتوبر ۱۹۵۱ء
۳۔	ملک غلام محمد	۱۷ اکتوبر ۱۹۵۱ء سے ۶ اگست ۱۹۵۵ء
۴۔	میجر جنرل سکندر مرزا	۷ اگست ۱۹۵۵ء سے ۲۲ مارچ ۱۹۵۶ء

پاکستان کے صدور

	نام صدر	مُدّت
۱۔	میجر جنرل سکندر مرزا	۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء سے اکتوبر ۱۹۵۸ء
۲۔	فیلڈ مارشل محمد ایوب خان	اکتوبر ۱۹۵۸ء سے ۲۶ مارچ ۱۹۶۹ء
۳۔	جنرل آغا محمد یحییٰ خان	۲۶ مارچ ۱۹۶۹ء سے دسمبر ۱۹۷۱ء
۴۔	مسٹر ذوالفقار علی بھٹو	دسمبر ۱۹۷۱ء سے ۱۳ اگست ۱۹۷۳ء
۵۔	چوہدری فضل الٰہی	۱۴ اگست ۱۹۷۳ء سے ۱۶ ستمبر ۱۹۷۸ء
۶۔	جنرل محمد ضیاء الحق	۱۶ ستمبر ۱۹۷۸ء سے ۱۷ اگست ۱۹۸۸ء
۷۔	غلام اسحاق خان	۱۷ اگست ۱۹۸۸ء سے تاحال۔

نائب صدر

۱۔ جناب نورالامین — ۲۱ دسمبر ۱۹۷۱ء سے ۱۳ اگست ۱۹۷۲ء

پاکستان کے وزراء اعظم

	نام	مدت	جماعت
۱۔	نوابزادہ لیاقت علی خان	اگست ۱۹۴۷ء سے اکتوبر ۱۹۵۱ء	مسلم لیگ
۲۔	خواجہ ناظم الدین	اکتوبر ۱۹۵۱ء سے اپریل ۱۹۵۳ء	مسلم لیگ
۳۔	محمد علی بوگرہ	اپریل ۱۹۵۳ء سے اگست ۱۹۵۵ء	مسلم لیگ
۴۔	چوہدری محمد علی	اگست ۱۹۵۵ء سے ستمبر ۱۹۵۶ء	مسلم لیگ
۵۔	حسین شہید سہروردی	ستمبر ۱۹۵۶ء سے اکتوبر ۱۹۵۷ء	عوامی لیگ
۶۔	آئی۔آئی چندریگر	اکتوبر ۱۹۵۷ء سے دسمبر ۱۹۵۷ء	مسلم لیگ
۷۔	ملک فیروز خان نون	دسمبر ۱۹۵۷ء سے اکتوبر ۱۹۵۸ء	ری پبلک پارٹی
۸۔	جنرل محمد ایوب خان	۲۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء سے ۲۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء	کنونشن مسلم لیگ
۹۔	مسٹر ذوالفقار علی بھٹو	اگست ۱۹۷۳ء سے ۴ جولائی ۱۹۷۷ء	پیپلز پارٹی
۱۰۔	محمد خان جونیجو	۲۳ مارچ ۱۹۸۵ء سے ۲۹ مئی ۱۹۸۸ء	مسلم لیگ
۱۱۔	مسز بے نظیر بھٹو	دسمبر ۱۹۸۸ء سے ۶ اگست ۱۹۹۰ء	پیپلز پارٹی
۱۲۔	غلام مصطفےٰ جتوئی	۶ اگست ۱۹۹۰	نیشنل پیپلز پارٹی
۱۳۔	محمد نواز شریف وزیر اعظم	۶ نومبر ۱۹۹۰	مسلم لیگ

ورلڈ سیریز کپ کرکٹ ٹورنامنٹ

آغاز سے اب تک کھیلے گئے تمام میچوں کے نتائج

رنرزاپ	جیتنے والی ٹیم	تیسری ٹیم	سال
انگلینڈ	ویسٹ انڈیز	آسٹریلیا	۸۰-۱۹۷۹ء
نیوزی لینڈ	آسٹریلیا	بھارت	۸۱-۱۹۸۰ء
اسٹریلیا	ویسٹ انڈیز	پاکستان	۸۲-۱۹۸۱ء
ری لینڈ	آسٹریلیا	انگلینڈ	۸۳-۱۹۸۲ء
ٹریلیا	ویسٹ انڈیز	پاکستان	۸۴-۱۹۸۳ء
سٹریلیا	ویسٹ انڈیز	سری لنکا	۸۵-۱۹۸۴ء
بھارت	آسٹریلیا	نیوزی لینڈ	۸۶-۱۹۸۵ء
اسٹریلیا	انگلینڈ	ویسٹ انڈیز	۸۷-۱۹۸۶ء
نیوزی لینڈ	آسٹریلیا	سری لنکا	۸۸-۱۹۸۷ء
اسٹریلیا	ویسٹ انڈیز	پاکستان	۸۹-۱۹۸۸ء
پاکستان	آسٹریلیا	سری لنکا	۹۰-۱۹۸۹ء

ہر ملک کا زیادہ سے زیادہ سکور

ملک	بمقابلہ	بمقام	اوورز	سکور	سال
نیوزی لینڈ	انگلینڈ	ایڈیلیڈ	۴۸.۵	۲۹۶/۶	۸۳-۱۹۸۲ء
انگلینڈ	نیوزی لینڈ	ایڈیلیڈ	۵۰	۲۹۶/۵	۸۳-۱۹۸۲ء
آسٹریلیا	سری لنکا	ایڈیلیڈ	۵۰	۳۲۳/۲	۸۵-۱۹۸۴ء
ویسٹ انڈیز	سری لنکا	پرتھ	۵۰	۳۰۹/۶	۸۵-۱۹۸۴ء
بھارت	نیوزی لینڈ	برسبین	۵۰	۲۶۳/۵	۸۶-۱۹۸۵ء
سری لنکا	نیوزی لینڈ	ایڈیلیڈ	۴۹.۵	۲۴۱	۸۸-۱۹۸۷ء
پاکستان	ویسٹ انڈیز	برسبین	۵۰	۲۵۸/۷	۸۹-۱۹۸۸ء

گورنمنٹ کالج لاہور کے پرنسپل صاحبان

س: گورنمنٹ کالج لاہور کا قیام کب عمل میں لایا گیا تھا؟

ج: یکم جنوری ۱۸۶۴ء

	از تا	نام پرنسپل
۱۔	۱۸۶۴ء تا ۱۸۸۶ء	ڈاکٹر سی ڈبلیو لائٹنر
۲۔	۱۸۸۶ء تا ۱۸۹۱ء	ٹی سی لیوس
۳۔	۱۸۹۱ء تا ۱۸۹۲ء	ڈاکٹر ٹیلکنے
۴۔	۱۸۹۲ء تا ۱۸۹۸ء	مسٹر بل
۵۔	۱۸۹۸ء تا ۱۸۱۲ء	مسٹر ڈانگر
۶۔	۱۹۱۲ء تا ۱۹۲۷ء	مسٹر ایس رابنسن
۷۔	۱۹۱۲ء تا ۱۹۲۷ء	مسٹر سٹیفن سن
۸۔	۱۹۱۲ء تا ۱۹۲۷ء	مسٹر اے ایس ہیمی
۹۔	۱۹۲۷ء تا ۱۹۳۶ء	مسٹر گیرٹ
۱۰۔	۱۹۳۶ء تا ۱۹۳۹ء	مسٹر ایچ۔ بی ڈنلف
۱۱۔	۱۹۳۹ء تا ۱۹۴۵ء	مسٹر جی ڈی سوندھی
۱۲۔	۱۹۴۵ء تا ۱۹۴۷ء	مسٹر ایرک ڈکنسن۔

	از تا	نام پرنسپل
۱۳۔	۱۹۴۷ء تا ۱۹۵۰ء	احمد شاہ بخاری اور یو کرامت
۱۴۔	۱۹۵۰ء تا ۱۹۵۹ء	خواجہ منظور حسین
۱۵۔	۱۹۵۹ء تا ۱۹۶۵ء	ڈاکٹر سید نذیر احمد
۱۶۔	۱۹۶۵ء تا ۱۹۶۷ء	محمد رشید
۱۷۔	۱۹۶۷ء تا ۱۹۷۰ء	اشفاق علی خاں
۱۸۔	اگست ۱۹۷۰ء تا دسمبر ۱۹۷۰ء	ایم اے خان
۱۹۔	۱۹۷۰ء تا ۱۹۷۲ء	ڈاکٹر محمد اجمل
۲۰۔	۱۹۷۲ء تا ۱۹۷۴ء	صدیق کلیم
۲۱۔	۱۹۷۴ء تا ۱۹۸۱ء	پروفیسر فیض الرحمن
۲۲۔	۱۹۸۱ء تا حال	پروفیسر ڈاکٹر عبدالمجید اعوان

اولمپک کھیل

سن انعقاد	مقام	نمبر شمار	سن انعقاد	مقام
۱۸۹۶ء	ایتھنز یونان	۱۳۔	۱۹۴۴ء	لندن برطانیہ رجنگ عظیم کیوجہ سے منعقد نہیں ہوئے۔
۱۹۰۰ء	پیرس فرانس			
۱۹۰۴ء	سینٹ لوئیس امریکہ	۱۴۔	۱۹۴۸ء	لندن برطانیہ
۱۹۰۸ء	لندن برطانیہ	۱۵۔	۱۹۵۲ء	ہیلسنکی فن لینڈ
۱۹۱۲ء	سٹاک ہوم سویڈن	۱۶۔	۱۹۵۶ء	ملبورن آسٹریلیا
۱۹۱۶ء	برلن (پہلی جنگ عظیم کیوجہ سے منعقد نہیں ہوئے)	۱۷۔	۱۹۶۰ء	روم اٹلی
		۱۸۔	۱۹۶۴ء	ٹوکیو۔ جاپان
۱۹۲۰ء	انٹورپ بلجیئم	۱۹۔	۱۹۶۸ء	میکسیکو سٹی
۱۹۲۴ء	پیرس فرانس	۲۰۔	۱۹۷۲ء	میونخ مغربی جرمنی
۱۹۲۸ء	ایمسٹرڈم ہالینڈ	۲۱۔	۱۹۷۶ء	مانٹریال کینیڈا
۱۹۳۲ء	لاس اینجلس امریکہ	۲۲۔	۱۹۸۰ء	ماسکو۔ روس
۱۹۳۶ء	برلن جرمنی	۲۳	۱۹۸۴ء	لاس اینجلس امریکہ
۱۹۴۰ء	ٹوکیو اور ہیلسنکی دوسری جنگ عظیم کیوجہ سے منعقد نہیں ہوئے	۲۴	۱۹۸۸ء	سیول جنوبی کوریا
		۲۵۔	۱۹۹۲ء	بارسلونا اسپین

ازبکستان

س یہ بتائیے کہ ازبکستان کی سرحدیں کس ملک سے ملتی ہیں ؟

ج افغانستان ۔

س یہ بتائیے کہ ازبکستان سوویت یونین کی کس سمت میں واقع ہے ؟

ج جنوب میں ۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ شہنشاہ بابر کس خطہ کا رہنے والا تھا ؟

ج ازبکستان ۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۲۴ء سے پہلے ازبکستان کن ریاستوں پر مشتمل تھا اور اس کا نام کیا تھا ؟

ج موجودہ ازبکستان، ترکمانیہ، تاجکستان، کرغیزیا اور قازقستان پر مشتمل تھا اور اس کا نام ترکستان تھا ۔

س بتائیے ازبکستان کے دارالحکومت کا نام کیا ہے ؟

ج تاشقند ۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ تاشقند شہر کی آبادی کتنی ہے ؟

ج ۲۰ لاکھ

س کیا آپ جانتے ہیں کہ ازبکستان کی آبادی کتنی ہے ؟

ج ایک کروڑ پچاس لاکھ سے زیادہ ۔

یہ بتائیے کہ ازبکستان میں کتنے فیصد ازبک اور کتنے فیصد روسی آباد ہیں ؟

اسی فیصد ازبک اور گیارہ فیصد روسی ۔

بتائیے ازبکستان میں کتنے فیصد تاتاری اور تاجک آباد ہیں ؟

پانچ فیصد تاتاری اور چار فیصد تاجک ۔

بتائیے کہ ازبکستان کے مشہور شہر کون سے ہیں ؟

تاشقند ۔ بخارا ۔ فرغانہ ۔ سمرقند ۔

بتائیے کہ ازبکستان کی کتنے فیصد آبادی دیہات اور شہروں میں رہتی ہے ؟

ساٹھ فیصد دیہات اور چالیس فیصد شہروں میں ۔

آپ جانتے ہیں کہ ازبکستان میں کونسی صنعتیں ہیں ؟

لوہے اور فولاد کی صنعتیں ۔ کیمیکلز اور ٹریکٹر سازی ۔

بتائیے کہ ازبکستان میں کونسی پیداوار زیادہ ہوتی ہے ؟

گندم ۔ کپاس ۔ پھل ۔ سبزیاں ۔

آذربائیجان

بتائیے کہ آذربائیجان کا رقبہ کتنا ہے ؟

۸۶ ہزار مربع کلومیٹر ۔

آپ جانتے ہیں کہ آذربائیجان کی آبادی کتنی ہے

کروڑ ۷۰ لاکھ ۔

بتائیے کہ آذربائیجان میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں ؟

فیصد ۔

س یہ بتائیے کہ آذر بائیجان میں کس نسل کے لوگ زیادہ آباد ہیں؟

ج آرمینیائی نسل اور ترکی نسل۔

س کیا آپ آذر بائیجان کے دارالحکومت کا نام جانتے ہیں؟

ج باکو۔

س یہ بتائیے کہ آذر بائیجان میں کونسا علاقہ آرمینیائی عیسائیوں کا ہے؟

ج نگورنو قرا باخ۔

س کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نگورنو قرا باخ کو کب آذر بائیجان میں شامل کیا گیا؟

ج ۱۹۲۳ء میں۔

س یہ بتائیے کہ آذربائیجان کا دارالحکومت باکو کس صنعت کی وجہ سے مشہور

ج تیل کی صنعت۔

ترکمانستان

س یہ بتائیے کہ ترکمانستان کہاں واقع ہے؟

ج ایرانی سرحد کے ساتھ ساتھ بحیرہ کیسپین کے مشرق میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ ترکمانستان کو ریپبلک کا درجہ کب دیا گیا تھا؟

ج ۱۹۲۴ء میں۔

س بتائیے ترکمانستان کی آبادی کتنی ہے؟

ج ۳۵ لاکھ۔

س یہ بتائیے کہ ترکمانستان میں کس تہذیب کے آثار ملتے ہیں؟

ج دو ہزار سال قبل مسیح کی تہذیب۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ ترکمانستان کا دارالحکومت کونسا شہر ہے؟

اشک آباد۔

یہ بتائیے کہ ترکمانستان کی کتنے فیصد آبادی مسلمان ہے؟

نوے فیصد۔

یہ بتائیے کہ ترکمانستان میں کس نسل کے لوگ زیادہ آباد ہیں؟

ترک۔

تاجکستان

کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان کون سا علاقہ حائل ہے؟

واخان کا علاقہ۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تاجکستان کا رقبہ کتنا ہے؟

۵۵ ہزار ۱۹۱ مربع میل۔

یہ بتائیے کہ تاجکستان کی آبادی کتنی ہے؟

۴ کروڑ ۶۰ لاکھ

یہ بتائیے کہ تاجکستان کی مشرقی سرحدیں کس ملک سے ملتی ہیں؟

چین۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان کی جنوبی سرحدیں کس ملک سے ملتی ہیں؟

افغانستان

کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان کا دارالحکومت کونسا شہر ہے؟

ج دوشنبے۔

س یہ بتلایئے کہ تاجکستان میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟

ج ۸۰ فیصد۔

س یہ بتایئے کہ تاجکستان کو جمہوریہ کا درجہ کب دیا گیا تھا؟

ج ۱۹۲۹ء میں۔

س کیا یہ درست ہے کہ بحیرہ کیسپئن اور کوہستان الطائی کے درمیان تاجکستان کا رقبہ پھیلا ہوا ہے؟

ج درست ہے۔

س یہ بتلایئے کہ تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے کی آبادی کتنی ہے؟

ج ۵ لاکھ سے زائد۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے میں کونسی زبان زیادہ بولی جاتی ہے؟

ج فارسی۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ تاجکستان میں کتنے فیصد آبادی دیہات میں رہتی ہے؟

ج ۶۴ فیصد دیہاتوں میں اور ۳۶ فیصد شہروں میں۔

س بتایئے تاجکستان میں کونسی پیداوار سب سے زیادہ ہوتی ہے؟

ج پھل۔ سبزیاں۔ کپاس۔ خربوزے۔ تربوز۔ گندم

س یہ بتلایئے کہ تاجکستان میں کم از کم کتنے صنعتی یونٹ کام کر رہے ہیں؟

ج چار سو سے زیادہ۔

س کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ تاجکستان کی مشہور دستکاریاں کونسی ہیں؟

ج زیورات۔ سوزن کاری۔ کشیدہ کاری۔

س یہ بتایئے کہ تاجکستان کی مشہور صنعتیں کونسی ہیں؟

ج سوتی اور ریشمی کپڑا تیار کرنا۔ ٹریکٹر سازی

قازقستان

س بتایئے قازقستان کا رقبہ کتنا ہے؟

ج ۱۰ لاکھ ۶۴ ہزار ۹۲ مربع میل۔

س یہ بتایئے کہ قازقستان کی آبادی کتنی ہے؟

ج ایک کروڑ ساٹھ لاکھ۔

س قازقستان کے دارالحکومت کا نام بتلایئے؟

ج الما آٹا۔

س یہ بتایئے کہ قازقستان کے مشرق اور مغرب میں کیا واقع ہے؟

ج مغرب میں بحیرہ کیسپئن مشرق میں چین اور کوہستان الطائی۔

س بتایئے قازقستان کی کتنے فیصد آبادی مسلمان ہے؟

ج ۸۰ فیصد سے زیادہ۔

س یہ بتایئے قازقستان کس صنعت میں مشہور ہے؟

ج فلمی صنعت۔

س قازقستان کے کونسے جانور اپنی خوبصورتی اور طاقت کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہیں؟

ج گھوڑے اور ہرن۔

کرغیزیا

س یہ بتایئے کہ کرغیزیا کن دو ممالک کے درمیان واقع ہے؟

ج ازبکستان اور قازقستان کے درمیان۔

س کیا یہ درست ہے کہ کرغیزیا کے چاروں طرف برف پوش چوٹیاں ہیں؟

ج ہاں۔

س کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کرغیزیا کی آبادی کتنی ہے؟

ج ۴۰ لاکھ

س یہ بتایئے کرغیزیا کا دارالحکومت کونسا شہر ہے؟

ج فرائزے۔

س بتایئے کرغیزیا کے دارالحکومت فرائزے کی آبادی کتنی ہے؟

ج ۵۰ ہزار۔

س بتایئے کرغیزیا میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟

ج ۹۰ فیصد۔

س کیا یہ درست ہے کہ کرغیزیا معدنیات کی دولت سے مالا مال ہے؟

ج ہاں۔

س کیا یہ درست ہے کہ کرغیزیا خانہ بدوش قبائل کی سرزمین رہا ہے؟

ج ہاں۔

س بتایئے کرغیزیا میں کن جانوروں کی افزائش زیادہ ہے؟

ج گھوڑوں اور بھیڑ بکریوں کی۔

س بتایئے کرغیزیا کی زمین کیسی ہے؟

ج سرسبز اور شاداب۔

س بتایئے سوویت یونین کتنے وفاقی یونٹوں پر مشتمل تھا؟

ج پندرہ۔

س بتایئے سوویت یونین کی سب سے بڑی اور قدیم ریپبلک کونسی ہے؟

ج رشین سوویت فیڈریٹو سوشلسٹ ریپبلک۔

س بتایئے رشین سوویت کا دارالحکومت کونسا شہر ہے؟

ج ماسکو۔

س بتایئے رشین سوویت فیڈریٹو سوشلسٹ ریپبلک کہاں سے کہاں تک پھیلی ہوئی ہے؟

ج بحیرہ بالٹک سے بحرالکاہل تک۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ سوویت یونین میں کونسی ریاستیں شامل تھیں؟

ج رشین سوویت۔ یوکرائن۔ بیلو رشیا۔ استونیا۔ لیٹویا۔ لتھوانیا۔ مالدوویا۔ جارجیا۔ آرمینیا۔ آذربائیجان۔ ازبکستان۔ تاجکستان۔ کرغیزیا۔ ترکمانستان۔ قازقستان۔

س بتایئے لتھوانیا کو کب روس میں ضم کیا گیا تھا؟

ج ۱۹۴۰ء میں۔

س بتایئے آذربائیجان پر روس نے کب قبضہ کیا تھا؟

ج ۱۹۱۳ء میں۔

س بتایئے روس میں کب عربی لکھنا ممنوع قرار دیا گیا تھا؟

ج ۱۹۲۰ء میں

س کیا آپ جانتے ہیں کہ روس میں کتنی قومیں آباد ہیں؟

ج ۱۰۹۔

س بتائیے سوویت یونین میں جو قومیں آباد تھیں ان میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

ج ۶۴۔

س بتائیے روس میں کمیونسٹ پارٹی کب برسر اقتدار آئی تھی؟

ج ۱۹۱۸ء میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ لینن کب پیدا ہوا تھا؟

ج ۲۲ اپریل ۱۸۷۰ء کو

س بتائیے لینن کہاں پیدا ہوا تھا؟

ج روس کے ایک گاؤں سمبرسک میں۔

س یہ بتائیے لینن کا اصل نام کیا تھا؟

ج ایلیانوف۔

س بتائیے لینن کے والد کا پیشہ کیا تھا؟

ج کالج ٹیچر۔

س بتائیے لینن کا پیشہ کیا تھا؟

ج وکالت۔

س بتائیے لینن کب فوت ہوا تھا؟

ج ۱۹۲۴ء کو۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ کارل مارکس کب پیدا ہوا تھا؟

ج ۱۸۱۸ء میں۔

س یہ بتائیے کہ کارل مارکس کس جگہ پیدا ہوا تھا؟

ج برلن کے ایک گاؤں ٹرائر میں۔

س بتائیے کارل مارکس کب فوت ہوا تھا؟

ج ۱۸۸۳ء میں ۶۵ سال کی عمر میں۔

س بتائیے کارل مارکس کس شہر میں فوت ہوا تھا؟

ج لندن میں۔

س بتائیے آئن سٹائن کون تھا؟

ج جرمن یہودی۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ آئن سٹائن کب پیدا ہوا تھا؟

ج ۱۸۷۹ء میں۔

س یہ بتائیے کہ آئن سٹائن نے کب امریکی شہریت حاصل کی تھی؟

ج ۱۹۴۰ء میں۔

س یہ بتائیے کہ آئن سٹائن کہاں پیدا ہوا تھا؟

ج اولم میں۔

س بتائیے آئن سٹائن کب اور کہاں فوت ہوا تھا؟

ج ۱۹۵۵ء میں امریکہ میں۔

س بتائیے پولینڈ میں کیمونسٹوں کی حکومت کب ختم ہوئی تھی؟

ج اگست ۱۹۸۹ء میں۔

س یہ بتائیے کہ ہنگری کو کب جمہوریہ قرار دیا گیا تھا؟

ج ۲۳ اکتوبر ۱۹۸۹ء کو۔

س یہ بتلایئے کہ رومانیہ کے معزول صدر نکولائی چاؤشسکو اور ان کی اہلیہ ایلینا کو کب گولی سے اڑا کر موت کی سزا دی گئی تھی؟

ج ۲۷ر دسمبر ۱۹۸۹ء۔

س بتایئے دیوارِ برلن توڑنے کا آغاز کب کیا گیا تھا؟

ج ۱۴ر جون ۱۹۹۰ء کو

س بتایئے متحدہ جرمنی کی مشترکہ کرنسی کا نام کیا ہے؟

ج ڈیوش مارک۔

س بتایئے متحدہ جرمنی نے ڈیوش مارک کو کب اپنی مشترکہ کرنسی قرار دیا تھا؟

ج یکم جولائی ۱۹۹۰ء کو

س بتایئے مغربی اور مشرقی جرمنی کب متحد ہوئے تھے؟

ج ۳ر اکتوبر ۱۹۹۰ء کو۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ قدیم دور میں سب سے پہلے جرمنی کب اور کس کی قیادت میں متحد ہوا تھا؟

ج ۹۶۲ء میں شہنشاہ آٹو کی قیادت میں۔

س بتایئے جمہوریہ (متحدہ) یمن کے پہلے صدر کا نام کیا ہے؟

ج علی عبداللہ صالح۔

س بتایئے جنوبی افریقہ کے مشہور رہنما نیلسن منڈیلا کب پیدا ہوئے تھے؟

ج ۱۸ر جولائی ۱۹۱۸ء کو ایک قبائلی سردار کے گھر۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ مشہور افریقی رہنما نیلسن منڈیلا کا پیشہ کیا تھا؟

ج وکالت۔

س یہ بتلایئے کہ مشہور افریقی رہنما نیلسن منڈیلا نے وکالت کا آغاز کب کیا تھا؟

ج ۱۹۵۲ء میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کے مشہور رہنما نیلسن منڈیلا کو کب رہا کیا گیا تھا؟

ج ۱۱ر فروری ۱۹۹۰ء کو۔

س یہ بتایئے کہ مشہور افریقی رہنما نیلسن منڈیلا کو کب گرفتار کیا گیا تھا؟

ج ۴ر اگست ۱۹۶۲ء کو

س کیا آپ جانتے ہیں کہ نمیبیا کتنے عرصہ تک غلام رہا؟

ج سو سال تک۔

س بتایئے نمیبیا کب آزاد ہوا تھا؟

ج ۲۱ر مارچ ۱۹۹۰ء کو۔

س کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جاپان نے امریکہ کے ساتھ کب سلامتی کا ایک معاہدہ کیا تھا جس کی رو سے جاپان کے دفاع کی ذمہ داری امریکہ نے قبول کر لی تھی؟

ج ۱۹۶۰ء میں۔

س بتلایئے جاپان کے شہنشاہ اکی ہیٹو کی رسم تاجپوشی کب ہوئی تھی؟

ج ۱۲ر نومبر ۱۹۹۰ء کو

س بتایئے عراق نے کویت پر کب قبضہ کیا تھا؟

ج ۲ر اگست ۱۹۹۰ء کو۔

س عراق نے کویت پر قبضہ کے فوری بعد وہاں پر ایک نورکنی کابینہ قائم کی تھی بتایئے اس کے سربراہ کا نام کیا تھا؟

ج کرنل حسین علی۔

س بتایئے کویت پر عراق کے قبضے کے دوران پاکستان نے سعودی عرب کی حفاظت کے لیے کب اپنے فوجی دستے سعودی عرب بھیجنے کا فیصلہ کیا تھا؟

ج تیرہ اگست ۱۹۹۰ء کو۔

س بتایئے خلیجی جنگ کے دوران پہلا پاکستانی فوجی دستہ کب سعودی عرب پہنچا؟

ج یکم ستمبر ۱۹۹۰ء کو۔

س کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ خلیجی جنگ میں سعودی عرب جانے والا پہلا پاکستانی فوجی دستہ کتنے جوانوں پر مشتمل تھا؟

ج ۳۵۰۔

س یہ بتلایئے کہ ایران عراق جنگ کب بند ہوئی تھی؟

ج جولائی ۱۹۸۸ء میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ سعودی عرب اور روس کے درمیان تعلقات کب ختم ہوئے تھے؟

ج ۱۹۳۸ء میں۔

س یہ بتایئے کہ روس اور سعودی عرب کے درمیان کب تعلقات بحال ہوئے تھے؟

ج ۱۷ ستمبر ۱۹۹۰ء کو۔

س یہ بتایئے کہ جنرل اسمبلی کی پہلی خاتون صدر مسز وجے لکشمی پنڈت کا انتقال کب اور کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج یکم دسمبر ۱۹۹۰ء کو نوے سال کی عمر میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ آئرلینڈ کی پہلی خاتون صدر کا نام کیا ہے؟

ج میری روبنسن۔

س یہ بتایئے کہ آئرلینڈ کی پہلی خاتون صدر میری روبنسن نے اپنے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا؟

ج ۴ دسمبر ۱۹۹۰ء کو۔

س بتایئے ملائشیا کے کس رہنما کو بابائے ملائشیا کہا جاتا ہے؟

ج تنکو عبدالرحمن۔

س کیا آپ ملائشیا کے سب سے پہلے وزیر اعظم کا نام جانتے ہیں؟

ج تنکو عبدالرحمن۔

س یہ بتایئے کہ ملائشیا کے وزیر اعظم تنکو عبدالرحمن کا انتقال کب اور کتنی عمر میں ہوا تھا؟

ج ۶ دسمبر ۱۹۹۰ء کو ۸۷ سال کی عمر میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ نیوزی لینڈ کی پہلی خاتون سربراہ مملکت کا نام کیا ہے؟

ج ڈیمی کیتھرائن تیزارڈ۔

س یہ بتایئے کہ نیوزی لینڈ کی پہلی خاتون سربراہ مملکت ڈیمی کیتھرائن تیزارڈ نے اپنے عہدے کا حلف کب اُٹھایا تھا؟

ج ۱۲ دسمبر ۱۹۹۰ء کو۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستانی سائنسدانوں کی ٹیم پہلی بار موسمی پیش گوئی کے لیے سٹیشن قائم کرنے کی غرض سے بحر منجمد شمالی انٹارکٹیکا کو کب روانہ ہوئی تھی؟

ج بارہ دسمبر ۱۹۹۰ء کو۔

س کیا آپ دنیا کے سب سے کم عمر سول جج کا نام جانتے ہیں؟

ج پاکستان کے جسٹس محمد الیاس۔

س بتائیے فلسطین کے صدر یاسر عرفات نے پہلے فلسطینی سفارتخانہ کا افتتاح سعودی عرب میں کب کیا تھا؟

ج یکم جنوری ۱۹۸۹ء کو

س بتائیے امریکہ کے اکتالیسویں صدر کا نام کیا ہے؟

ج جارج بش۔

س بتائیے امریکہ کے صدر جارج بش نے اپنے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا؟

ج ۲۰ جنوری ۱۹۸۹ء کو

س بتائیے ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ خمینی نے سلمان رشدی کے قتل کا فتویٰ کب جاری کیا تھا؟

ج ۱۴ فروری ۱۹۸۹ء کو۔

س بتائیے سندھ کابینہ نے کب یہ فیصلہ کیا تھا کہ صوبے کے نام کے انگریزی ہجے SIND کی بجائے SINDH ہوں گے؟

ج ۵ مارچ ۱۹۸۹ء کو

س بتائیے عراق کے صدر صدام حسین نے کویت سے عراقی فوجوں کو واپس آنے کا حکم کب دیا تھا؟

ج ۲۶ فروری ۱۹۹۱ء کو۔

س بتائیے خلیج میں عراقی اور اتحادی فوجوں کے درمیان جنگ بندی کب ہوئی تھی؟

ج ۲۸ فروری ۱۹۹۱ء کو۔

س بتائیے سوویت یونین نے تین بالٹک ریاستوں لٹویا، اسٹونیا اور لتھوانیا کو مکمل طور پر آزاد کب کیا تھا؟

ج ۶ ستمبر ۱۹۹۱ء کو۔

س امریکہ نے لتھوانیا، لٹویا اور اسٹونیا کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج ۲ ستمبر ۱۹۹۱ء کو۔

س بتائیے افغانستان نے لٹویا، اسٹونیا اور لتھوانیا کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج ۸ ستمبر ۱۹۹۱ء کو

س بتائیے مصر نے اسٹونیا، لٹویا اور لتھوانیا کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج ۶ ستمبر ۱۹۹۱ء کو

س بتائیے بھارت نے اسٹونیا، لٹویا اور لتھوانیا کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج ۸ ستمبر ۱۹۹۱ء کو۔

س بتائیے پاکستان نے اسٹونیا، لتھوانیا اور لٹویا کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج ۸ ستمبر ۱۹۹۱ء کو

س پاکستان کے مشہور بین الاقوامی پہلوان زبیر عرف جھارا کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج ۱۰ ستمبر ۱۹۹۱ء کو۔

س یہ بتائیے کہ اسٹونیا، لٹویا اور لتھوانیا کی جانب سے اقوام متحدہ کو کب رکنیت کی درخواست دی گئی تھی؟

ج ۴ ستمبر ۱۹۹۱ء کو

س یہ بتائیے کہ خلیجی جنگ میں سعودی عرب بھیجی جانے والی پاکستانی فوج کا پہلا دستہ کب وطن واپس پہنچا تھا؟

ج ۱۱ستمبر ۱۹۹۱ء کو۔

س بتائیے خلیجی جنگ بندی کے بعد پاکستانی فوج کا پہلا دستہ جو وطن واپس پہنچا کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

ج ۲۰۳۰ افسروں اور جوانوں پر مشتمل تھا۔

س بتائیے کوریا کب شمالی اور جنوبی حصوں میں تقسیم ہوا تھا؟

ج ۱۹۴۵ء میں۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی کوریا میں مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج ۳۰ ہزار

بوسنیا

س۱۔ یہ بتائیے کہ بوسنیا ہرزیگووینا کا کل رقبہ کتنا ہے؟

ج۱۔ ۵۱ ہزار ایک سو انیس مربع کلومیٹر

س۱۔ بوسنیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

ج۱۔ ساراجیوو

س۱۔ بوسنیا ہرزیگووینا کی کل آبادی کتنی ہے؟

ج۱۔ ۴۴ لاکھ

س۱۔ یہ بتائیے کہ بوسنیا ہرزیگووینا میں بوسنی مسلمانوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج۱۔ اکیس لاکھ تیس ہزار

س۱۔ بوسنیا میں سرب افراد کی تعداد کتنی ہے؟

ج۱۔ تیرہ لاکھ بیس ہزار

س۱۔ یہ بتائیے کہ بوسنیا میں کروٹس افراد کی تعداد کتنی ہے؟

ج۱۔ سات لاکھ اٹھاون ہزار

س۱۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بوسنیا ہرزیگووینا کے شمال مغرب میں کونسی ریاست واقع ہے؟

ج۱۔ کروشیا

س۱۔ یہ بتائیے کہ بوسنیا ہرزیگووینا کے مشرق میں کونسا ملک واقع ہے؟

ج۱۔ سربیا

س۱۔ بتائیے بوسنیا ہرزیگووینا کے جنوب مشرق میں کونسی ریاست واقع ہے؟

ج۱۔ مانٹی نیگرو ری پبلکس

س۱۔ یہ بتائیے کہ بوسنیا کا کتنا رقبہ سمندر کے ساتھ ملتا ہے؟

ج ا۔ یہ ملک چاروں طرف سے خشکی میں گھرا ہوا ہے البتہ بیس کلومیٹر لمبی ایک ساحلی پٹی اس کے ساتھ ملحق ہے لیکن اس پر بھی کوئی بندرگاہ نہیں ہے۔

س ا۔ بوسنیا کے مشہور شہروں کے نام بتائیں؟

ج ا۔ جاجکے۔ گراڈا کاک۔ بردو۔ بوسانسکی۔ گوراڈز۔ ایسی مازلکی۔ گوہا۔ لوزنی۔ برکو۔ کوخاک۔ سارا جیوو۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بوسنیا پر آسٹریا نے کب قبضہ کیا تھا؟

ج ا۔ ۱۸۷۸ء

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا کا دارالحکومت سارا جیوو کتنی بلند پہاڑیوں کے دامن میں واقع ہے؟

ج ا۔ چار ہزار فٹ بلند

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بوسنیا کی پارلیمنٹ نے کب یوگوسلاویہ سے آزادی کے حق میں اپنے فیصلے کا اعلان کیا تھا؟

ج ا۔ سولہ اکتوبر ۱۹۹۱ء

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا میں آزادی کے معاملے پر کب ریفرنڈم ہوا تھا؟

ج ا۔ ۲۹ فروری ۱۹۹۲ء

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بوسنیا کب آزاد اور خودمختار ملک بنا؟

ج ا۔ یکم مارچ ۱۹۹۲ء

س ا۔ یہ بتایئے کہ یورپی برادری نے کب بوسنیا کو اپنا رکن بنایا؟

ج ا۔ سولہ اپریل ۱۹۹۲ء

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بوسنیا کب اقوام متحدہ کا ممبر بنا؟

ج ا۔ ۲۲ اپریل ۱۹۹۲ء

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا میں کتنی یونیورسٹیاں ہیں؟

ج ا۔ پانچ

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا میں کتنے ایئرپورٹ ہیں؟

ج ا۔ دو

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا میں کتنے ٹی وی اسٹیشن ہیں؟

ج ا۔ ایک

س ا۔ بتایئے کہ بوسنیا میں کتنے ریڈیو اسٹیشن ہیں؟

ج ا۔ ایک

س ا۔ یہ بتایئے کہ بوسنیا ہرزگوینا کونسی دولت سے مالامال ہے؟

ج ا۔ جنگلات۔ معدنیات اور ہر قسم کی صنعتی اور زرعی پیداوار۔

کروشیا

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کروشیا کا رقبہ کتنا ہے؟

ج ا۔ چھپن ہزار ۵۳۸ مربع کلومیٹر

س ا۔ یہ بتایئے کہ کروشیا کی آبادی کتنی ہے؟

ج ا۔ ۴۷ لاکھ

س ا۔ یہ بتایئے کہ کروشیا کے شمال میں کونسے ممالک واقع ہیں؟

ج ا۔ ہنگری اور سلووینیا

س ا۔ بتایئے کہ کروشیا کے مشرق میں کونسا ملک واقع ہے؟

ج ا۔ سربیا

س ا۔ کروشیا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟

ج ا۔ زگریب

س ا۔ یہ بتایئے کہ کروشیا میں کرڈس افراد کی تعداد کتنی ہے؟

ج ا۔ ۳۵ لاکھ

س ا۔ بتایئے کروشیا میں سرب باشندوں کی تعداد کتنی ہے؟

ج ا۔ چھ لاکھ

س ا۔ یہ بتایئے کہ کرڈس باشندے کب کروشیا میں آکر آباد ہوئے تھے؟

ج ا۔ چھٹی صدی عیسوی میں

س ا۔ یہ بتایئے کہ کروشیا نے کب بادشاہوں کی سطح پر ہنگری کے ساتھ الحاق کیا تھا

ج ا۔ ۱۹۰۱ء میں

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کروشیا کب تک ہنگرین اقتدار کے ماتحت رہا؟

ج ا۔ پہلی جنگ عظیم تک

س ا۔ یہ بتایئے کہ وسیع تر خود مختاری یوگوسلاویہ سے حاصل کرنے کی غرض سے کب کروشیا میں انتخابات ہوئے تھے؟

ج ا۔ اپریل ۱۹۹۰ء

س ا۔ کروشیا کی پارلیمنٹ نے کب آزادی کی قرارداد پاس کی تھی؟

ج ا۔ جون ۱۹۹۱ء

سربیا

س ا۔ یوگوسلاویہ کی سب سے بڑی ری پبلک کا نام بتائیں؟

ج ا۔ سربیا

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے شمال مغرب میں کونسا ملک ہے؟

ج ا۔ کروشیا

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے شمال میں کونسا ملک واقع ہے؟

ج ا۔ ہنگری

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے شمال مشرق میں کونسا ملک واقع ہے؟

ج ا۔ رومانیہ

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے مشرق میں کونسا ملک واقع ہے؟

ج ا۔ بلغاریہ

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے جنوب میں کونسی ریاست واقع ہے؟

ج ا۔ میکڈونیا

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے مغرب میں کونسے ممالک واقع ہیں؟

ج ا۔ بوسنیا ہرزیگوینا، مانٹی نیگرو و البانیہ

س ا۔ یہ بتایئے کہ سربیا کے جنوب اور شمال میں کون سے دو آزاد صوبے واقع ہیں؟

ج ا۔ جنوب میں کوسوا۔ شمال میں واجوڈینا

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سربیا کا کل رقبہ صوبہ کوسوا اور صوبہ واجوڈینا کو ملا کر کتنا ہے؟

ج ا۔ ۸۸ ہزار ۳۶ مربع کلومیٹر

س ا۔ یہ بتایئے کہ صوبہ کوسوا اور صوبہ واجوڈینا کو نکال کر سربیا کا رقبہ کتنا ہے؟

ج ا۔ ۵۵ ہزار ۹ سو چھ مربع کلومیٹر

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ صوبہ کوسوا اور صوبہ واجوڈینا ملا کر سربیا کی کل آبادی کتنی ہے؟

ج:۔ چورانوے لاکھ

س:۔ یہ بتایئے کہ سوبہ کوسوا اور صوبہ واجوڈینا کو نکال کر سربیا کی آبادی کتنی ہے؟

ج:۔ ستاون لاکھ

س:۔ یہ بتایئے کہ سربیا میں اکثریتی مذہب کیا ہے؟

ج:۔ عیسائیت

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ترکوں نے سربیا پر کب قبضہ کیا تھا؟

ج:۔ ۱۳۸۹ء میں

س:۔ سربیا نے کب ترکی سے وسیع خودمختاری حاصل کی تھی؟

ج:۔ ۱۸۰۴ء اور ۱۸۱۵ء کے انقلابات کے بعد۔

س:۔ یہ بتایئے کہ سربیا کو کب مکمل آزادی ملی تھی؟

ج:۔ ۱۸۷۸ء میں

س:۔ سربیا کے شہزادے نے کب بادشاہ کا نام اختیار کیا تھا؟

ج:۔ ۱۸۸۱ء میں

س:۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ سلووینیا کی قانون ساز اسمبلی نے یوگوسلاویہ سے ری پبلک سربیا کی علیحدگی کا اختیار کب دیا تھا؟

ج:۔ ۱۹۸۹ء میں

س:۔ لیگ آف سلووینیا نے کب یوگوسلاویہ کو چھوڑ دیا تھا؟

ج:۔ جنوری ۱۹۹۰ء میں

س:۔ یہ بتایئے کہ سلووینیا کی پارلیمنٹ نے کب آزادی کی قرارداد پاس کی تھی؟

س:۔ یہ بتایئے کہ یوگوسلاویہ کو کب ایکساری ری پبلک قرار دیا گیا تھا؟

ج:۔ نومبر ۱۹۴۵ء

س:۔ یوگوسلاویہ کو کب فیڈرل ری پبلک بنا دیا گیا تھا؟

ج:۔ ۳۱ جنوری ۱۹۴۶ء

س:۔ مارشل ٹیٹو کا تعلق کس نسل سے تھا؟

ج:۔ کروشیائی نسل

س:۔ یہ بتایئے کہ پاکستان کے دس میگاواٹ کے دوبارہ ڈیزائن شدہ جدید ایٹمی ری ایکٹر نے کب کام کرنا شروع کر دیا تھا؟

ج:۔ ۳۱ اکتوبر ۱۹۹۱ء گیارہ بجکر ۳۹ منٹ پر

س:۔ روس نے کے جی بی کب توڑ دی تھی؟

ج:۔ ۲۸ اگست ۱۹۹۱ء

س:۔ برطانیہ کی شہزادی ڈیانا نے پاکستان کا دورہ کب کیا تھا؟

ج:۔ ۲۶ ستمبر ۱۹۹۱ء

س:۔ یوگوسلاویہ نے کروشیا پر کب حملہ کیا تھا؟

ج:۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۹۱ء

س:۔ یہ بتایئے کہ عالمی بینک نے کب کالاباغ ڈیم کو قابلِ عمل منصوبہ قرار دیا تھا؟

ج:۔ ۲۱ اکتوبر ۱۹۹۱ء

س:۔ یہ بتایئے کہ نواز شریف حکومت نے اپنے آپ کو احتساب کے لئے کب عدالت کے سامنے پیش کیا تھا؟

س۱۔ روس افغانستان میں اسلامی حکومت کے قیام پر کب رضامند ہوا تھا؟

ج۱۔ تیرہ نومبر ۱۹۹۱ء

س۱۔ یہ بتائیے کہ سوویت یونین کا مکمل طور پر خاتمہ کب ہوا تھا؟

ج۱۔ پندرہ نومبر ۱۹۹۱ء

س۱۔ بطرس غالی کو اقوام متحدہ کا سیکرٹری جنرل بنانے کا اعلان کب کیا گیا تھا؟

ج۱۔ ۲۲ نومبر ۱۹۹۱ء

س۱۔ پاکستان نے آذربائیجان کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج۱۔ ۱۲ دسمبر ۱۹۹۱ء

س۱۔ پاکستان کے مشہور ریڈیو صداکار مرزا سلطان بیگ المعروف نظام دین کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۱۔ تین جولائی ۱۹۹۱ء

س۱۔ بھارت کے وزیراعظم راجیو گاندھی کو کب بم سے اڑا کر ہلاک کر دیا تھا؟

ج۱۔ ۲۱ مئی ۱۹۹۱ء

س۱۔ پاکستان میں بیت المال کا قیام کتنے ابتدائی فنڈ سے عمل میں آیا تھا؟

ج۱۔ دو ارب روپے

س۱۔ پاکستان میں بیت المال کے قیام کے بعد کب اس کی تقریب حلف برادری ہوئی تھی؟

ج۱۔ چھ فروری ۱۹۹۲ء

س۱۔ پاکستان اور ازبکستان میں پہلا فضائی رابطہ کب ہوا تھا؟

ج۱۔ بارہ مارچ ۱۹۹۲ء

س۱۔ یہ بتائیے کہ ازبکستان کے شہر تاشقند میں پی آئی اے کی سب سے پہلی پرواز کب اور کتنے مسافروں کو لے کر پہنچی تھی؟

ج۱۔ بارہ مارچ ۱۹۹۲ء کو ۱۱۵ مسافروں کے ساتھ۔

س۱۔ ترکی کے شہر ایرزنجان میں تیرہ مارچ ۱۹۹۲ء کو ہولناک زلزلہ آیا تھا بتائیے اس میں کتنے افراد ہلاک ہوئے تھے؟

ج۱۔ چار ہزار سے زائد افراد ہلاک لاکھوں بے گھر اور ہزاروں زخمی

س۱۔ برطانوی نوآبادی ہانگ کانگ کو کب چین کے حوالے کیا جائیگا؟

ج۱۔ ۱۹۹۷ء

س۱۔ ۱۹۹۲ء میں ورلڈ کرکٹ کپ کس نے جیتا تھا؟

ج۱۔ پاکستان

س۱۔ پاکستان نے ۱۹۹۲ء کا ورلڈ کرکٹ کپ کس ملک کو ہرا کر جیتا تھا؟

ج۱۔ انگلینڈ

س۱۔ یہ بتائیے کہ سال ۱۹۹۲ء میں کرکٹ کا ورلڈ کپ کہاں اور کب فائنل کھیلا گیا تھا؟

ج۱۔ آسٹریلیا کے شہر ملبورن میں ۲۵ مارچ ۱۹۹۲ء بروز بدھ

س۱۔ یہ بتائیے کہ سابق سوویت صدر میخائل گورباچوف نے کس ملک کی فلم میں بطور اداکار کام کیا تھا؟ فلم کا نام بھی بتائیں؟

ج۱۔ جرمنی کی فلم ونگز آف ڈیزائر

س۱۔ افغانستان کے پہلے کمیونسٹ حکمران کا نام بتائیں؟

ج۱۔ نور محمد ترکئی

س۱۔ افغانستان میں حفیظ اللہ امین نے کب اقتدار سنبھالا؟

ج:۔ ستمبر ۱۹۷۹ء

س:۔ یہ بتایئے کہ افغانستان میں نور محمد ترکئی کی حکومت کب فوجی انقلاب کے ذریعے ختم کر دی گئی تھی؟

ج:۔ ستمبر ۱۹۷۹ء

س:۔ افغانستان میں چودہ سالہ کمیونسٹ اقتدار کا خاتمہ کب ہوا تھا؟

ج:۔ سولہ اپریل ۱۹۹۲ء

س:۔ افغانستان کے آخری کمیونسٹ صدر کا نام بتائیں؟

ج:۔ نجیب اللہ

س:۔ یہ بتایئے کہ افغان صدر نجیب اللہ کب استعفیٰ دے کر فرار ہو گئے تھے؟

ج:۔ سولہ اپریل ۱۹۹۲ء

س:۔ نجیب اللہ کے بعد افغانستان میں ایک عبوری کونسل قائم کر کے ملک کا اقتدار اس کے سپرد کیا گیا تھا افغانستان کے پہلے عبوری صدر کا نام بتائیں؟

ج:۔ پروفیسر صبغت اللہ مجددی

س:۔ پروفیسر صبغت اللہ مجددی نے کب افغان صدر کا عہدہ سنبھالا تھا؟

ج:۔ ۲۸ اپریل ۱۹۹۲ء

س:۔ پاکستان نے افغانستان کی نئی اسلامی حکومت کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج:۔ ۲۸ اپریل ۱۹۹۲ء

س:۔ افغانستان کے کمیونسٹ تسلط سے آزادی کے بعد سب سے پہلے کس ملک کے وزیر اعظم نے افغانستان کا دورہ کیا تھا؟

ج:۔ پاکستان کے وزیر اعظم جناب نواز شریف

س:۔ پاکستان کے وزیر اعظم جناب نواز شریف نے اپنا پہلا دورہ افغانستان کب کیا تھا؟

ج:۔ ۲۹ اپریل ۱۹۹۲ء

س:۔ انڈونیشیا کے پہلے اسلامی بینک کا نام بتائیں؟

ج:۔ بینک معاملات انڈونیشیا

س:۔ انڈونیشیا کے پہلے اسلامی بینک کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

ج:۔ یکم مئی ۱۹۹۲ء

س:۔ لاہور اور اسلام آباد کے درمیان تعمیر ہونے والی شاہراہ ٹرانس پاک موٹر وے کس ملک کے تعاون سے تعمیر ہوئی ہے؟

ج:۔ جمہوریہ کوریا

س:۔ بتایئے ٹرانس پاک موٹر وے کی لمبائی کتنی ہے؟

ج:۔ ۳۳۹ کلو میٹر

س:۔ ٹرانس پاک موٹر وے کی تعمیر پر لاگت کا تخمینہ بتائیں؟

ج:۔ چوبیس ارب روپے

س:۔ ٹرانس پاک موٹر وے پر فی کلو میٹر خرچ کا تخمینہ بتائیں؟

ج:۔ سات کروڑ روپے

س:۔ ٹرانس پاک موٹر وے کا سنگ بنیاد کس جگہ پر رکھا گیا تھا؟

ج:۔ لاہور شیخوپورہ روڈ پر فیض پور خورد

س:۔ ٹرانس پاک موٹر وے کے منصوبے کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا تھا؟

ج:۔ گیارہ جنوری ۱۹۹۲ء

س:۔ یہ بتایئے کہ ٹرانس پاک موٹر وے پر مسافروں کی سہولت کے لئے ہر پالیس

کلومیٹر کے فاصلے پر کیا انتظام ہے؟

ج۱۔ ایک مسجد۔ ایک ہوٹل۔ ایک پٹرول پمپ۔ دس بستر کا ہسپتال۔

س۱۔ پاکستان موٹر وے کے منصوبے کی تکمیل کی مدت کب تک رکھی گئی؟

ج۱۔ دسمبر ۱۹۹۴ء تک۔

س۱۔ کراچی اور پشاور کے درمیان نئی تعمیر ہونے والی شاہراہ انڈس ہائی وے کی لمبائی بتائیں؟

ج۱۔ ۱۲۰۰ کلومیٹر

س۱۔ کشمیری حریت پسندوں کے خفیہ "ریڈیو اسٹیشن" کا نام بتائیں؟

ج۱۔ صدائے کشمیر

س۱۔ افغانستان کے عبوری صدر پروفیسر صبغت اللہ مجددی نے اقتدار سنبھالنے کے بعد سب سے پہلے کس ملک کا دورہ کیا تھا؟

ج۱۔ پاکستان

س۱۔ یہ بتایئے کہ افغانستان کے عبوری صدر پروفیسر صبغت اللہ مجددی نے اقتدار سنبھالنے کے بعد کب پاکستان کا دورہ کیا تھا؟

ج۱۔ ۲۶ مئی ۱۹۹۲ء

س۱۔ پاکستان میں افغان مہاجرین کی کتنی خیمہ بستیاں قائم کی گئی تھیں؟ صوبہ وار تفصیل بتایئے؟

ج۱۔ صوبہ سرحد ۲۷۹ صوبہ پنجاب ۲۰ صوبہ بلوچستان ساٹھ

س۱۔ پاکستان نے افغان مہاجرین کے بچوں کو تعلیمی سہولیات پہنچانے کے لئے کتنے اسکول قائم کیے تھے؟

ج۱۔ صوبہ سرحد ۵۰۸ صوبہ بلوچستان ۱۲۷

س۱۔ ٹرانس پاک موٹر وے کے منصوبے کا سنگ بنیاد کس نے رکھا تھا؟

ج۱۔ وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف

س۱۔ کمیونسٹ تسلط سے آزادی کے بعد افغان ایئر لائن آریانا کی پہلی پرواز کس ملک کے ہوائی اڈے پر اتری تھی؟

ج۱۔ پاکستان کے پشاور ایئرپورٹ

س۱۔ کمیونسٹ تسلط سے آزادی کے بعد افغان ایئر لائن آریانا کی پہلی پرواز کب اور کس وقت پشاور ایئرپورٹ پر اتری تھی؟

ج۱۔ تین جون ۱۹۹۲ء بروز بدھ تین بجکر ۳۸ منٹ

س۱۔ بھارت کے اگنی میزائل کی لمبائی بتایئے؟

ج۱۔ ۶۲ فٹ

س۱۔ بھارت کا اگنی میزائل کتنے کلومیٹر تک مار کرسکتا ہے؟

ج۱۔ اڑھائی ہزار کلومیٹر تک

س۱۔ بھارت نے اپنے اگنی میزائل کا دوسرا تجربہ کب کیا تھا؟

ج۱۔ ۲۹ مئی ۱۹۹۲ء

س۱۔ بھارت نے اپنے اگنی میزائل کا تجربہ کس مقام سے کیا تھا؟

ج۱۔ صوبہ اڑیسہ کے مقام چاندی پور

س۱۔ افغان عبوری صدر پروفیسر صبغت اللہ مجددی نے کب اقتدار چھوڑا

ج۱۔ ۲۸ جون ۱۹۹۲ء

س۱۔ پروفیسر برہان الدین ربانی نے افغان صدر کا عہدہ کب سنبھالا؟

ج۱۔ ۲۸ جون ۱۹۹۲ء

س ۱۔ پی آئی اے کی پہلی پرواز آزاد ازبکستان کے کس تاریخی شہر پر اور کب اُتری تھی؟

ج ۱۔ سمرقند کے ہوائی اڈے پر ۲۸ جون ۱۹۹۲ء کو۔

س ۱۔ الجزائر کے صدر محمد بوضیاف کو کب قتل کیا گیا تھا؟

ج ۱۔ ۲۹ جون ۱۹۹۲ء

س ۱۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بطروس غالی کا تعلق کس ملک سے ہے اور کس مذہب سے تعلق رکھتے ہیں؟

ج ۱۔ مصر سے تعلق ہے اور قبطی عیسائی ہیں

س ۱۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل بطروس غالی کی بیوی کس مذہب سے تعلق رکھتی ہے؟

ج ۱۔ یہودی مذہب

س ۱۔ عراق کے ساتھ خلیجی جنگ میں عرب ممالک کا کتنا نقصان ہوا تھا؟

ج ۱۔ چھ ارب بیس کروڑ ڈالر

س ۱۔ پاکستان کے بیت المال کے پہلے چیئرمین کا نام بتائیں؟

ج ۱۔ ڈاکٹر راشد رندھاوا

س ۱۔ اردن کے شاہ حسین کب تخت نشین ہوئے تھے؟

ج ۱۔ گیارہ اگست ۱۹۵۲ء کو

غیر جانبدار ممالک کے کل ارکان کی موجودہ تعداد بتایئے؟

ج ۱۔ ۱۰۳

س ۱۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک میں کتنے ممالک بطور ممبر اور بطور مہمان شامل ہیں؟

گیارہ ممالک بطور ممبر اور نو ممالک بطور مہمان

س ۱۔ غیر جانبدار ممالک کی تنظیم کا باقاعدہ قیام کب عمل میں آیا تھا؟

ج ۱۔ یکم جون ۱۹۶۱ء

س ۱۔ یہ بتایئے کہ کس شہر میں غیر جانبدار ممالک کی تنظیم کا قیام عمل میں آیا تھا؟

ج ۱۔ یوگوسلاویہ کے شہر بلغراد

س ۱۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک کی تحریک کے پہلے اجلاس میں کتنے ممالک کے وفود نے شرکت کی تھی؟

ج ۱۔ ۲۵ ممالک

س ۱۔ غیر جانبدار ممالک کی دوسری کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج ۱۔ ۱۹۶۴ء میں مصر کے شہر قاہرہ

س ۱۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک کی تیسری کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج ۱۔ ۱۹۷۰ء میں زمبیا کے شہر لوساکا۔

س ۱۔ غیر جانبدار ممالک کی چوتھی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج ۱۔ ۱۹۷۳ء میں الجیریا کے شہر الجیئرز

س ۱۔ غیر جانبدار ممالک کی پانچویں کانفرنس کہاں ہوئی تھی؟

ج ۱۔ سری لنکا کے شہر کولمبو

س ۱۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک کی چھٹی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج ۱۔ ۱۹۸۶ء میں بھارت کے شہر دہلی

س ا۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک کی آٹھویں کانفرنس کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج ا۔ ۱۹۸۶ء میں زمبابوے کے شہر ہرارے

س ا۔ غیر جانبدار ممالک کی نویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

ج ا۔ ۱۹۸۹ء میں یوگوسلاویہ کے شہر بلغراد

س ا۔ یہ بتایئے کہ غیر جانبدار ممالک کی دسویں کانفرنس کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج ا۔ ستمبر ۱۹۹۲ء میں انڈونیشیا کے شہر جکارتہ

س ا۔ پاکستان کی تاریخ میں سب سے بڑا سیلاب کب آیا تھا؟

ج ا۔ اگست ستمبر ۱۹۹۲ء

س ا۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۲ء کے سیلاب میں پاکستان کا کتنا نقصان ہوا تھا؟

ج ا۔ ہزاروں افراد ہلاک ہو گئے۔ لاکھوں افراد بے گھر ہو گئے۔ لاتعداد مویشی مارے گئے۔ پچاس ارب روپے سے زائد کا مالی نقصان ہوا۔ لاکھوں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ و برباد ہو گئیں۔

س۔ سن دو ہزار عیسوی کے اولمپک گیمز کے میزبان ملک کا نام بتائیں۔

ج۔ آسٹریلیا کا شہر سڈنی

س۔ کیا آپ متحدہ عرب امارات کی پہلی خاتون ایئر ہوسٹس کا نام جانتے ہیں؟

ج۔ ابوظہبی کی اوشا جمعہ

س۔ یہ بتایئے کہ دنیا کی پہلی ٹریڈ یونین کب قائم ہوئی تھی۔

ج۔ ۱۸۲۷ء میں۔

س۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا میں مزدوروں کی پہلی ہڑتال کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج۔ پانچ ہزار سال قبل مصر میں ہوئی یہ ہڑتال اہرام مصر تعمیر کرنے والے مزدوروں نے کی تھی۔

س۔ دنیا میں مزدوروں کا پہلا مطالبہ کیا تھا؟

ج۔ گندم کے ساتھ لہسن فراہم کرنے کا۔

س۔ یہ بتایئے کہ برصغیر میں سب سے پہلی ہڑتال کب ہوئی تھی؟

ج۔ ۱۸۳۱ء میں۔

س۔ یہ بتایئے کہ برصغیر میں سب سے پہلی ہڑتال کس نے اور کیوں کی تھی۔

ج۔ کہاروں نے انگریزوں کے رویہ کے خلاف کی تھی اس زمانہ میں انگریز اکثر پالکی میں سفر کیا کرتے تھے اور کہاروں کو معاوضہ نہیں دیتے تھے۔

س۔ اٹلی کے اس وزیراعظم کا نام بتائیں جو سات مرتبہ اٹلی کا وزیراعظم منتخب ہوا۔

ج۔ گیلیو انڈریوٹی۔

س۔ یہ بتائیے کہ امریکہ نے ریاست الاسکا کس ملک سے اور کتنی قیمت میں خریدی تھی؟

ج۔ روس سے ۷۲ لاکھ ڈالر میں۔

س۔ دنیا کی اس واحد اداکارہ کا نام بتائیں جس نے چار مرتبہ آسکر ایوارڈ حاصل کیا تھا؟

ج۔ کیتھرائن ہیپرن۔

س۔ عمر خیام کا انتقال کب اور کتنی عمر میں ہوا تھا۔

ج۔ ۱۱۲۳ء میں ۷۳ سال کی عمر میں۔

س۔ اس واحد پھل دار درخت کا نام بتائیں جس کے پھول نہیں ہوتے

ج۔ انجیر۔

س۔ کیا آپ اس بادشاہ کا نام جانتے ہیں جس نے اپنی زندگی میں ایک ہزار اکتیس جنگیں لڑیں اور تمام میں کامیابی حاصل کی تھی۔

ج۔ روم کا بادشاہ کمبوڈس۔

س۔ "ایکو" سے کیا مراد ہے۔

ج۔ تنظیم برائے اقتصادی تعاون

س۔ "ایکو" میں شامل دس مسلم ممالک کے نام بتائیں؟

ج۔ پاکستان، ایران، ترکی، افغانستان، ازبکستان۔ تاجکستان، کرغیزستان آذربائیجان، ترکمانستان اور قازقستان۔

س۔ یہ بتائیے کہ تاجکستان کی کتنی طویل سرحد افغانستان سے ملتی ہے؟

ج۔ چودہ سو کلومیٹر۔

س۔ موسیقی کا آلہ سیکسوفون کس نے ایجاد کیا تھا۔

ج۔ اوڈلف سیکس نے۔

س۔ یہ بتائیے کہ آلۂ موسیقی سیکسوفون کب ایجاد ہوا تھا۔؟

ج۔ ۱۸۴۲ء میں

س۔ سیکسوفون کے موجد مسٹر اوڈلف سیکس کب پیدا ہوئے تھے۔

ج۔ ۱۸۱۴ء میں۔

س۔ سیکسوفون کے موجد اوڈلف سیکس کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۔ ۱۸۹۴ء میں۔

س۔ ابراہام لنکن کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے۔

ج۔ بارہ فروری ۱۸۰۹ء کو ریاست کنٹکی میں۔

س۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کب اور کہاں پیدا ہوتے تھے؟

ج۔ ۱۷۸۰ء میں گوجرانوالہ میں۔

س۔ تاریخ انسانی کا پہلا قتل ہفتے کے کس دن ہوا تھا؟

ج۔ "انبیائے قرآن"، جلد اول کے مطابق منگل کو قابیل نے ہابیل کو قتل کیا۔

س۔ اگر انسان کا وزن زمین پہ نوے کلوگرام ہو تو چاند پہ کتنا ہوگا؟

ج۔ پندرہ کلوگرام

س۔ گروپ آف سیون میں کون سے ممالک شامل ہیں؟

ج۔ امریکہ۔ کینیڈا، فرانس، برطانیہ، اٹلی، جاپان، جرمنی۔

س۔ دنیا کے سات بڑے صنعتی ممالک "گروپ آف سیون" کا سب سے پہلا اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا؟

ج۔ فرانس میں ۱۹۷۵ء میں۔

س۔ کیا آپ مشہور گویے تان سین کے استاد کا نام جانتے ہیں؟

ج۔ ہری داس۔

س۔ چین نے پہلی مرتبہ ویٹو پاور کا حق کب استعمال کیا تھا؟

ج۔ ۲۵ اگست ۱۹۷۶ء۔

س۔ یہ بتائیے کہ سویڈن میں محتسب کا ادارہ کب قائم کیا گیا تھا؟

ج۔ ۱۸۰۷ء میں۔

س۔ سابق ہیوی ویٹ باکسنگ چیمپئن مائیک ٹائی سن نے کب اسلام قبول کیا تھا اور ان کا اسلامی نام کیا ہے۔

ج۔ ۱۹۹۳ء میں اسلامی نام ملک عبدالعزیز

س۔ ۱۹۲۱ء سے ۱۹۷۵ء تک امریکی قومی پاسپورٹ کا رنگ کون سا تھا؟۔

ج۔ سبز۔

س۔ امریکہ کے دوسو سال مکمل ہونے پر امریکی پاسپورٹ کو کس رنگ میں تبدیل کیا گیا تھا؟

ج۔ نیلا رنگ۔

س۔ سال ۱۹۹۳ء سے امریکی قومی پاسپورٹ کا رنگ کونسا کر دیا گیا۔

ج۔ سبز۔

س۔ اری ٹیریا کا رقبہ کتنا ہے؟

ج۔ ۴۷۵۷۶ مربع میل

س۔ اری ٹیریا کا ساحل کتنے میل لمبا ہے۔

ج۔ ۶۰۰ میل

س۔ اری ٹیریا کی آبادی کتنی ہے؟

ج۔ تیس لاکھ

س۔ اری ٹیریا میں کتنے فی صد مسلمان آبادی ہے؟

ج۔ ۷۰ فیصد۔

س۔ اری ٹیریا کا صدر مقام کونسا شہر ہے؟

ج۔ اسمارا

س۔ اری ٹیریا کے لوگوں کی مادری زبان کونسی ہے؟

ج۔ عربی

س۔ ترک عثمانی سلطنت نے کب اری ٹیریا کو اسلامی برادری میں شامل کیا تھا؟

ج۔ ۱۵۵۷ء میں

س۔ کتنے عرصہ تک اری ٹیریا پر اسلامی پرچم لہراتا رہا؟

ج۔ ۳۲۸ سال۔

س۔ اٹلی نے کب اری ٹیریا پر قبضہ کیا تھا؟

ج۔ ۱۸۸۵ء میں۔

س۔ برطانیہ نے اری ٹیریا پر کب قبضہ کیا تھا؟

ج۔ ۱۹۴۱ء میں جنگ عظیم دوم کے دوران۔

س۔ امریکہ نے اقوام متحدہ میں کب یہ قرارداد پیش کی کہ اری ٹیریا اور ایتھوپیا کا الحاق قائم کر دیا جائے؟

ج۔ ۱۹۵۲ء میں

س۔ ایتھوپیا کے عیسائی حکمران نے اری ٹیریا کو اپنا مقبوضہ بنانے کے بعد

کب اریٹیریا میں عربی کی تعلیم اور عربی رسم الخط کو ممنوع قرار دیا!

ج۔ ۱۹۵۵ء میں۔

س۔ یہ بتائیے کہ اریٹیریا کب آزاد ہوا!

ج۔ مئی ۱۹۹۳ء میں

س۔ یہ بتائیے کہ اریٹیریا کب اقوام متحدہ کا ممبر بنا!

ج۔ مئی ۱۹۹۳ء میں

س۔ شیخ سعدیؒ نے اپنی کتاب گلستان کب اور کتنی عمر میں مکمل کی تھی!

ج۔ ۱۲۵۸ء میں ۷۷ سال کی عمر میں۔

س۔ یہ بتائیے کہ امریکی حکومت نے سرکاری ملازمین کے اوقات کار آٹھ گھنٹے کب مقرر کیے تھے۔

ج۔ ۱۸۶۹ء میں

س۔ دیوار چین کے بعد دنیا کی دوسری طویل ترین دیوار کا نام بتائیے اور اس کی لمبائی بتائیں!

ج۔ دیوار ہیڈرین لمبائی ۷۳.۵ میل۔

س۔ پھلوں اور بیجوں کی ساخت کے علم کو کیا کہا جاتا ہے۔

ج۔ کارپولوجی۔

س۔ انڈونیشیا کے صدر سوہارتو پہلی مرتبہ کب صدر منتخب ہوئے تھے!

ج۔ ۱۹۶۸ء میں۔

س۔ یہ بتائیے کہ سوہارتو کب چھٹی مرتبہ انڈونیشیا کے صدر منتخب ہوئے!

ج۔ ۹ مارچ ۱۹۹۳ء

س۔ مغربی برلن کا رقبہ مشرقی برلن کی نسبت کتنا زیادہ ہے!

ج۔ ۷۵ کلومیٹر

س۔ ترکی کے بانی اور پہلے صدر غازی مصطفیٰ کمال پاشا اتاترک کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے۔

ج۔ ۲۲ مارچ ۱۸۸۱ء کو سالونیکا میں۔

س۔ ہمالہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب کیا ہے!

ج۔ سنسکرت زبان (برف کا گھر)

س۔ سب سے پہلے کس دھات سے جوہری توانائی حاصل کی گئی!

ج۔ یورینیم۔

س۔ مشہور ادیب اور نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کب پیدا ہوئے تھے!

ج۔ ۱۲۲ اگست ۱۹۲۲ء۔

س۔ یہ بتائیے کہ ۲۹ اگست ۱۹۰۴ء کو اولمپک گیمز کہاں منعقد ہوتے تھے!

ج۔ سینٹ لوئی۔

س۔ دنیا کا وہ کونسا واحد ملک ہے جہاں انسانی ڈھانچوں کی تجارت وسیع پیمانے پر ہوتی ہے۔

ج۔ کمبوڈیا۔

س۔ امریکہ کے سترھویں صدر کون تھے!

ج۔ اینڈریو جانسن

س۔ مصنوعی بالوں کا فیشن یورپ میں کب شروع ہوا تھا!

ج۔ اٹھارہویں صدی عیسوی میں۔

س۔ فاسفورس والی ماچس کس ملک میں ایجاد ہوئی تھی؟

ج۔ فرانس۔

س۔ یہ بتائیے کہ مشہور تاریخی بابری مسجد کو کب شہید کیا گیا تھا؟

ج۔ چھ دسمبر ۱۹۹۲ء کو

س۔ ایشیا میں میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل کونسی ہے۔

ج۔ جھیل وولر

س۔ جھیل وولر کہاں واقع ہے۔

ج۔ مقبوضہ کشمیر میں دریائے جہلم کے کنارے سوپور اور بانڈی پور کے درمیان واقع ہے۔

س۔ جلدی سے بتائیے ایک پونڈ میں کتنے گرام ہوتے ہیں؟

ج۔ ۴۵۴ گرام

س۔ پہلی جنگ عظیم کب شروع ہوئی تھی؟

ج۔ چار اگست ۱۹۱۴ء کو

س۔ دوسری جنگ عظیم کب شروع ہوئی تھی؟

ج۔ تین ستمبر ۱۹۳۹ء۔

س۔ تاریخ کی سب سے طویل جنگ کن دو ملکوں کے مابین ہوئی تھی؟

ج۔ فرانس اور برطانیہ۔

س۔ تاریخ کی سب سے طویل جنگ فرانس اور برطانیہ کے مابین ہوئی تھی یہ بتائیے کہ یہ جنگ کب شروع اور کب ختم ہوئی تھی؟

ج۔ ۱۳۳۸ء کو شروع ہوئی اور ۱۴۵۳ء کو ۱۱۵ سال کے بعد ختم ہوئی

س۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ بدھ مت کا مذہبی رنگ کونسا ہے؟

ج۔ پیلا۔

س۔ آزادی کے بعد چین کا پہلا وزیر اعظم کون تھا؟

ج۔ چو این لائی

س۔ دریائے جہلم مقبوضہ کشمیر میں کہاں سے نکلتا ہے؟

ج۔ چشمہ ویری ناگ سے۔

س۔ یوگوسلاویہ کو اقوام متحدہ سے کب خارج کیا گیا تھا؟

ج۔ ۲۲ ستمبر ۱۹۹۲ء

س۔ امریکی صدر بل کلنٹن کب جیتے تھے۔

ج۔ ۳ نومبر ۱۹۹۲ء کو

س۔ پروفیسر برہان الدین ربانی نے کب افغانستان کے صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا۔

ج۔ ۲ جنوری ۱۹۹۳ء۔

س۔ امریکی صدر بل کلنٹن نے کب اپنے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا؟

ج۔ ۲۰ جنوری ۱۹۹۳ء

س۔ اسرائیل نے پی ایل او کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج۔ ۲۰ جنوری ۱۹۹۳ء

س۔ پاکستان کے سابقہ صدر غلام اسحاق خان نے کب پاکستان کی پہلی مرتبہ قومی اسمبلی توڑی تھی؟

ج۔ چھ اگست ۱۹۹۰ء

س۔ یہ بتائیے کہ پاکستان کے صدر غلام اسحاق خان اور وزیراعظم نواز شریف نے از خود کب استعفٰی دیا تھا؟

ج۔ ۱۸ جولائی ۱۹۹۳ء

س۔ وسیم سجاد نے پاکستان کے قائم مقام صدر کا عہدہ کب سنبھالا تھا؟

ج۔ ۱۸ جولائی ۱۹۹۳ء

س۔ معین قریشی نے پاکستان کے نگران وزیر اعظم کا عہدہ کب سنبھالا تھا؟

ج۔ ۱۸ جولائی ۱۹۹۳ء

س۔ پی ایل او اور اسرائیل نے باقاعدہ طور پر ایک دوسرے کو کب تسلیم کیا تھا؟

ج۔ ۹ ستمبر ۱۹۹۳ء

س۔ کمبوڈیا کے سربراہ پرنس سہانوک چالیس سال بعد کب دوبارہ کمبوڈیا کے بادشاہ بنے؟

ج۔ ۲۴ ستمبر ۱۹۹۳ء

س۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۹۳ء کو بھارت کے صوبہ مہاراشٹر میں زبردست زلزلہ آیا تھا بتائیے اس زلزلہ میں کتنے افراد ہلاک ہوئے تھے؟

ج۔ ساٹھ ہزار سے زائد ہلاک اور بیس ہزار سے زائد زخمی۔

س۔ مامون عبدالقیوم پہلی مرتبہ کب مالدیپ کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج۔ ۱۹۷۸ء میں۔

س۔ یہ بتائیے کہ مامون عبدالقیوم چوتھی مرتبہ کب مالدیپ کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج۔ ۱۹۹۳ء میں۔

س۔ یہ بتائیے کہ حسنی مبارک کب تیسری مرتبہ مصر کے صدر منتخب ہوئے تھے

ج۔ ۱۹۹۳ء میں۔

س۔ آٹھ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو اقوام متحدہ نے کس ملک کے خلاف عائد پابندیاں ختم کی تھیں۔

ج۔ جنوبی افریقہ۔

س۔ یہ بتائیے کہ ۱۹۵۳ء سے ۱۹۶۰ء تک سعودی عرب کے وزیر اعظم کون تھے؟

ج۔ شاہ فیصل شہید۔

س۔ پاکستان کے سابقہ وزیر اعظم محمد خان جونیجو کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۔ اٹھارہ مارچ ۱۹۹۳ء کو

س۔ گوادر میں مچھلی بندر منی پورٹ کتنی لاگت سے مکمل ہوئی تھی؟

ج۔ ایک ارب اڑسٹھ کروڑ دس لاکھ روپے۔

س۔ گوادر میں تعمیر ہونے والی مچھلی بندر منی پورٹ کا افتتاح کس نے اور کب کیا تھا؟

ج۔ وزیر اعظم نواز شریف نے پندرہ مارچ ۱۹۹۳ء کو

س۔ ۱۹۶۱ء میں سعودی عرب کا وزیر خارجہ کون تھا؟

ج۔ شاہ فیصل شہید۔

س۔ شاہ سعود خرابی صحت کی بنا پر کب سعودی عرب کے اقتدار سے الگ ہو گئے تھے؟

ج۔ نومبر ۱۹۶۴ء میں۔

س۔ شاہ فیصل سعودی عرب کے کب حکمران بنے تھے؟

ج۔ نومبر ۱۹۶۴ء میں

س۔ شاہ فیصل شہید سعودی عرب میں کب تخت نشین ہوئے تھے؟

ج۔ ۱۹۶۵ء میں۔

س۔ تاجکستان کے صدر رحمان نبیوف کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۔ بارہ اپریل ۱۹۹۳ء کو

س۔ یہ بتائیے کہ بلخ شیر مزاری نے پاکستان کے نگران وزیراعظم کے عہدہ کا حلف کب اٹھایا تھا؟

ج۔ اٹھارہ اپریل ۱۹۹۳ء کو۔

س۔ یہ بتائیے کہ پاکستان میں "نواز شریف" کی حکومت کو صدر غلام اسحاق خان نے کب برطرف کیا تھا؟

ج۔ اٹھارہ اپریل ۱۹۹۳ء کو

س۔ باقاعدہ طور پر فلسطینی ٹیلی ویژن کی نشریات کب شروع ہوئی تھیں؟

ج۔ جولائی ۱۹۹۳ء میں

س۔ پہلا سارک گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کب اور کہاں ہوا تھا؟

ج۔ جولائی ۱۹۹۳ء کو لاہور میں۔

س۔ پہلا سارک گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کس ملک نے جیتا تھا؟

ج۔ بھارت۔

س۔ تاجکستان نے اپنے ملک سے روسی کرنسی ختم کرنے کا حکم کب جاری کیا تھا۔

ج۔ ۳۰ اگست ۱۹۹۳ء کو۔

س۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کب سپریم کورٹ نے نواز شریف کی حکومت اور قومی اسمبلی بحال کرنے کا فیصلہ دیا تھا۔

ج۔ ۲۶ مئی ۱۹۹۳ء کو۔

س۔ بلجیم کے شاہ فرینکو چیس کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج۔ اگست ۱۹۹۳ء میں

س۔ یہ بتائیے کہ دوسری مرتبہ پاکستان کی وزیراعظم منتخب ہونے پر بے نظیر بھٹو نے کب اپنے عہدے کا حلف اٹھایا؟

ج۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۳ء۔

س۔ مسٹر معین قریشی نے نگران وزیراعظم پاکستان کا عہدہ کب چھوڑا تھا؟

ج۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۳ء۔

س۔ آزاد کشمیر کا کل رقبہ کتنا ہے؟

ج۔ تیرہ ہزار دو سو ستانوے مربع کلومیٹر۔

س۔ دنیا میں سب سے زیادہ کون سا کھیل کھیلا جاتا ہے؟

ج۔ فٹ بال۔

س۔ دنیا میں سب سے زیادہ تعلیم یافتہ ملک کون سا ہے؟

ج۔ سویڈن۔

س۔ دنیا کی سب سے بڑی گھنٹی کس ملک میں ہے؟

ج۔ روس (ماسکو)۔

س۔ نو نومبر ۱۹۹۳ء کو پاکستان کی تاریخ میں آتشزدگی کا بہت بڑا واقعہ پیش آیا تھا بتائیے کیا واقعہ تھا؟

ج۔ اسلام آباد میں قومی اسمبلی کی مکمل عمارت جل کر تباہ ہوگئی۔

س۔ یہ بتائیے کہ پاکستان کے آٹھویں صدر کا انتخاب کب ہوا تھا؟

ج۔ ۱۳ نومبر ۱۹۹۳ء۔

س ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پاکستان کے تیسرے منتخب صدر

کا نام بتائیں ؟

ج ۔ سردار فاروق احمد لغاری ۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں کن دو سیاسی جماعتوں کے منتخب ارکان نے انتخاب میں حصہ نہیں لیا تھا ؟

ج ۔ اسلامک فرنٹ اور فنکشنل لیگ ۔

س ۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کے مدمقابل کون امیدوار تھے ؟

ج ۔ وسیم سجاد ۔

س ۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردا فاروق احمد لغاری کو کل کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۷۴ ۔

س ۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو کل کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۱۶۸ ۔

س ۔ جلدی سے بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کتنے ووٹوں کی برتری سے جیتے تھے ؟

ج ۔ ۱۰۶ ۔

س ۔ پاکستان کے صدر سردار فاروق احمد لغاری کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے ؟

ج ۔ ۲ مئی ۱۹۴۰ء کو ڈیرہ غازی خان میں ۔

س ۔ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں کامیابی کے بعد سردار فاروق احمد لغاری نے صدر پاکستان کے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا ؟

۱۴ نومبر ۱۹۹۳ء

کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری اور وسیم سجاد کو ملنے والے ووٹوں میں سے کتنے مسترد قرار دیئے گئے تھے ؟

دو ۔ دو (چار)

کیا آپ پاکستان کے آٹھویں صدر کا نام جانتے ہیں ؟

سردار فاروق احمد لغاری ۔

۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پاکستان کے دوسرے صدر کا نام بتائیں ؟

غلام اسحاق خان ۔

یہ بتایئے ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں اسلام آباد کی پارلیمنٹ میں سردار فاروق احمد لغاری کو کتنے ووٹ ملے تھے ؟

۱۷۰ ۔

یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں اسلام آباد کی پارلیمنٹ میں وسیم سجاد کو ووٹ ملے تھے ؟

۱۰۸ ۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو پنجاب اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

۲۴ ۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو پنجاب اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۱۷ ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو سندھ اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۳۹ ۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو سندھ اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ صرف ایک ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو سرحد اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۰ ۔

س کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو سرحد اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ یہ بتایئے کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں سردار فاروق احمد لغاری کو بلوچستان اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے صدارتی انتخاب میں وسیم سجاد کو بلوچستان اسمبلی سے کتنے ووٹ ملے تھے ؟

ج ۔ ۲۱ ۔

س ۔ پاکستان کے آٹھویں صدر سردار فاروق احمد لغاری کا تعلق کس سیاسی جماعت سے ہے ؟

ج:- پاکستان پیپلز پارٹی۔

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1993ء کے صدارتی انتخاب میں حصہ لینے والے امیدوار وسیم سجاد کا تعلق کس سیاسی جماعت سے تھا؟

ج:- پاکستان مسلم لیگ (نواز شریف)

س:- اسلامی مالیاتی نظام اپنے ملک میں رائج کرنے والا دنیا کا پہلا ملک کون سا ہے؟

ج:- ملائیشیا

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ ملائیشیا نے کب اپنے ملک میں مکمل طور پر اسلامی مالیاتی نظام رائج کیا تھا؟

ج:- جنوری 1994ء میں

س:- تین جنوری 1994ء کو جنوبی سائبیریا میں ایک روسی مسافر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا تھا یہ بتایئے کہ یہ طیارہ کس مقام پر گرا تھا؟

ج:- ارکوسک کے مقام پر

س:- تین جنوری 1994ء کو روس کا ایک مسافر بردار طیارہ جنوبی سائبیریا میں ارکوسک کے مقام پر گر کر تباہ ہو گیا تھا یہ بتایئے کہ اس حادثہ میں کتنا جانی نقصان ہوا تھا؟

ج:- 111 مسافروں اور عملے کے 9 افراد سمیت کل 120 افراد

س:- مشہور جرمن سکالر ڈاکٹر این میری شمل نے کب یہ وصیت

کی تھی کہ میرا جہاں بھی انتقال ہو مجھے پاکستان میں ٹھٹھہ کے مشہور قبرستان مکلی میں دفن کیا جائے؟

ج:- چار جنوری 1994ء

س:- دنیا کا تیسرا ایٹمی ہتھیار رکھنے والا ملک کونسا ہے؟

ج:- یوکرائن

س:- اسرائیل اور پی ایل او میں معاہدہ کرانے والے ناروے کے وزیر خارجہ جان جارجین ہولٹ کب اور کیسے انتقال کر گئے تھے؟

ج:- 13 جنوری 1944 کو نیند کے عالم میں

س:- ٹیلی ویژن کے معروف امریکی اداکار ٹیلی سوالس (کوجیک) کا انتقال کب اور کس مرض سے ہوا تھا؟

ج:- 23 جنوری 1994ء کو 70 سال کی عمر میں مثانہ کے کینسر سے

س:- بنگلہ دیش کی اس معروف ادیبہ کا نام بتائیں جس نے اپنی کتاب میں قرآن پاک کی آیات پر تنقید کی تھی؟

ج:- تسلیمہ نسرین

س:- کیا آپ رسوائے زمانہ بنگلہ دیش کی ادیبہ تسلیمہ نسرین کی اس کتاب کا نام جانتے ہیں جس کی اشاعت کے بعد بنگلہ دیش میں مسلمانوں نے زبردست مظاہرے کیے؟

ج:- لجا (شرم - حیا)

س:- رسوائے زمانہ ادیبہ تسلیمہ نسرین کی کتاب "لجا" کب منظر عام پر آئی تھی؟

ج:- 1993ء میں

س:- جاپان نے اپنا پہلا کمرشل راکٹ ایچ ٹو کب اور کس مقام سے خلا میں چھوڑا تھا؟

ج:- 4 فروری 1994ء کو اپنے مغربی جزیرے تانیگا شیما سے

س:- دنیا کے بلند ترین میناروں والی مسجد کہاں پر واقع ہے؟

ج:- کاسابلانکا میں ساحل سمندر پر

س:- دنیا میں بلند ترین میناروں والی مسجد کا افتتاح کب اور کس نے کیا تھا؟

ج:- اگست 1993ء میں مراکش کے شاہ حسن ثانی نے

س:- دنیا میں بلند ترین میناروں والی مسجد کاسابلانکا میں واقع ہے یہ بتائیے کہ اس کے میناروں کی بلندی کتنی ہے؟

ج:- سات سو فٹ

س:- کاسابلانکا میں واقع دنیا کی بلند ترین میناروں والی مسجد میں کتنے نمازیوں کی گنجائش ہے؟

ج:- مسجد کے ہال میں 25 ہزار اور صحن میں 80 ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ کاسابلانکا میں واقع دنیا کی بلند ترین میناروں والی مسجد کو نمازیوں کے لئے کب کھولا گیا تھا؟

ج :- 4 فروری 1994ء کو

س :- یہ بتایئے کہ پیرو کے سابق صدر اور دنیا کے مشہور مصنف لوئس البرٹو سانچز کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 8 فروری 1994ء میں

س :- کامن ویلتھ گیمز میں گلی ڈنڈا اور کبڈی کا کھیل کس سال شامل کیئے گئے؟

ج :- سال 1994ء میں

س :- بھارتی سائنسدانوں نے لداخ کی تجربہ گاہ میں بھارت کی سب سے بڑی دور بین نصب کی یہ بتایئے کہ یہ دور بین کب نصب کی گئی تھی؟

ج :- 26 فروری 1994ء کو

س :- لداخ کی تجربہ گاہ میں نصب بھارت کی سب سے بڑی دور بین کتنی لاگت سے تعمیر کی گئی تھی؟

ج :- پچاس کروڑ روپے کی لاگت سے

س :- یہ بتایئے کہ متحدہ عرب امارات میں چودھواں ہفتہ شجر کاری کب منایا گیا تھا؟

ج :- 21 مارچ سے 27 مارچ 1994ء

س :- 17 ویں سرمائی اولمپکس کب اور کہاں منعقد ہوئے تھے؟

ج :- 1994 ناورے کے شہر للی ھیمر میں

س :- 1998ء کے سرمائی اولمپکس کے میزبان ملک کا نام بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ یہ کس شہر میں منعقد ہوں گے؟

ج :- جاپان کا شہر ناگانو

س :- پاکستان اور افریقہ کے کلچر پر بننے والی پہلی فلم کا نام بتائیں؟

ج :- افریقین اوڈیسی

س :- برطانیہ میں پہلی مرتبہ کب اور کتنی خواتین کو پادری کے عہدوں پر فائز کیا گیا؟

ج :- 13 مارچ 1994ء کو 32 خواتین

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ چین کے جنوبی صوبے گوانگ ڑی میں پہلی مرتبہ کب علاقائی فضائی کمپنی قائم کی گئی تھی؟

ج :- 28 مارچ 1994ء

س :- سکھوں کے جذبات مجروح کرنے والی کتاب "ہسٹری آف وائرزر" کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج :- صادق حسین

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ "ہسٹری آف وائرزر" کتاب کی ضبطی کا حکم حکومت پاکستان نے کب جاری کیا تھا؟

ج :- 17 مارچ 1994ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1994ء کا شاہ فیصل فاؤنڈیشن انعام کن شخصیات کو دیا گیا تھا؟

ج :- عربی زبان و ادب میں اعلیٰ کارکردگی پر ڈاکٹر عفیف' ملیحسن

کے شعبہ میں اعلیٰ کارکردگی پر ڈاکٹر فرنچ اینڈرسن اور سائنس کے شعبہ میں ڈاکٹر پارنل کو یہ تینوں شخصیات امریکی پروفیسر اور محقق ہیں

س :- بھارت میں پہلی شرعی عدالت کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

ج :- 29 مارچ 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بمبئی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کب اور کس خاتون نے میئر کا انتخاب جیتا تھا؟

ج :- 1955ء میں ایک خاتون سلوچنا نے۔

س :- سات اپریل 1994 کو وسطی افریقہ کے دو ممالک کے صدور کا طیارہ راکٹ سے تباہ کر دیا گیا تھا جس سے دونوں ممالک کے صدور ہلاک ہو گئے تھے دونوں ممالک اور جاں بحق ہونے والے صدور کے نام بتائیں؟

ج :- روانڈا کے صدر جیوونالی ہیریا رمنا اور برونڈی کے صدر نتاریا میرا یہ دونوں تنزانیہ کے دارلحکومت دارالسلام میں منعقدہ افریقی سربراہی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپس وطن جا رہے تھے کہ ان کا طیارہ روانڈا کے دارالحکومت کیگالی میں تباہ کر دیا گیا

س :- یہ بتائیے کہ بمبئی کی تاریخ میں دوسری مرتبہ کب اور کس خاتون نے میئر کا انتخاب جیتا تھا؟

ج :- 2 اپریل 1994ء کو ایک وکیل نرملا سامنت نے۔

س :- 8 اپریل 1994ء کو جاپان کے ایک وزیر اعظم نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا اس جاپانی وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- موری ہیرو ہو سو کاوا

س :- مارچ 1994ء میں سلطانیہ اسٹیٹ لائبریری بھوپال میں رکھا ہوا ایک عظیم مغل شہنشاہ کا وصیت نامہ غائب ہو گیا تھا مغل شہنشاہ کا نام بتائیں؟

ج :- ظہیرالدین بابر

س :- یمن کے سب سے پہلے صدر عبد اللہ سلول کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 6 مارچ 1994ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ نیٹو کی تاریخ میں زمین پر پہلا فضائی حملہ کب اور کس پر کیا گیا تھا؟

ج :- 11 اپریل 1994ء کو بوسنیا ہرزگووینا میں سرب فوج کے ٹھکانوں پر

س :- پاکستان نے تیسرا آسٹریلیشیا کپ کب اور کس کو ہرا کر جیتا تھا؟

ج :- 22 اپریل 1994 کو بھارت کو ہرا کر

س :- سابق امریکی صدر رچرڈ نکسن کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 23 اپریل 1994ء کو

س :- 26 اپریل 1994ء کو تائیوان کی سرکاری ائر لائن کا ایک مسافر طیارہ گر کر تباہ ہو گیا تھا جس سے طیارے میں سوار تمام افراد ہلاک ہو گئے تھے یہ بتایئے کہ اس جہاز میں کل کتنے افراد سوار تھے اور یہ کس ملک میں گر کر تباہ ہوا تھا؟

ج :- اس طیارہ میں 257 مسافر جن میں سے 158 جاپانی اور 99 غیر ملکی تھے جب کہ عملے کے پندرہ ارکان تھے - یہ طیارہ وسطی جاپان کے شہر **نگویا** کے ائرپورٹ پر اترتے وقت گر کر تباہ ہوا تھا

س :- اس پہلے ایشیائی ملک کا نام بتائیں جس نے چھ یورپین ملکوں کے بعد سب سے پہلے دنیا کی تیز رفتار ترین ریل گاڑی کا نظام خریدا؟

ج :- کوریا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ میں سفید فاموں کی تین سو سالہ بالادستی کے بعد پہلی مرتبہ کب غیر نسلی بنیاد پر ووٹ ڈالے گئے تھے؟

ج :- 6 اپریل 1994ء کو

س :- کیا آپ جنوبی افریقہ کے پہلے سیاہ فام منتخب صدر کا نام جانتے ہیں؟

ج :- نیلسن منڈیلا

س :- یہ بتائیں کہ نیلسن منڈیلا نے جنوبی افریقہ کے صدر کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف کب اٹھایا تھا؟

ج :- 10 مئی 1994ء کو

س :- جنوبی افریقہ کے پہلے سیاہ فام صدر نیلسن منڈیلا کی حلف برداری کی تقریب کس مقام پر ہوئی تھی؟

ج :- جنوبی افریقہ کے شہر پریٹوریا کی یونین بلڈنگ میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کی موجودہ قومی اسمبلی کتنے ارکان پر مشتمل ہے؟

ج :- 400 ارکان

س :- امریکہ کی سابق خاتون اول جیکولین کینیڈی کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 20 مئی 1994ء کو 64 سال کی عمر میں

س :- دیوار برلن کے خالق ایرک ہونیکر کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 29 مئی 1994ء کو کو 81 سال کی عمر میں

س :- جنوبی افریقہ نے دولت مشترکہ سے کب خود ہی علیحدگی اختیار کر لی تھی؟

ج :- 1961ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہی کہ جنوبی افریقہ کو باضابطہ طور پر دوبارہ کب دولت مشترکہ میں شامل کر لیا گیا تھا؟

ج :- 31 مئی 1994ء کو

س :- فروری 1994ء میں "انٹرنشنل پسنجر ایسوسی ایشن" نے چین کی ایک ائر لائنز کو دنیا کی خطرناک ترین ائر لائن قرار دی تھا ائر لائن کا نام بتائیں؟

ج :- نارتھ ویسٹ ائر لائنز

س :- چھ جون 1994ء کو چین کی ایک ائر لائن کا طیارہ جس میں عملے کے تیرہ ارکان سمیت 146 مسافر سوار تھے اندرون ملک ژیان سے گوانگ ژاؤ جاتے ہوئے گر کر تباہ ہو گیا تھا جس سے تمام سوار ہلاک ہو گئے تھے ائر لائن کا نام بتائیں؟

ج :- نارتھ ویسٹ ائر لائنز

س :- دنیا کی کم عمر ترین پائلٹ کا نام بتائیں جس نے بارہ سال کی عمر میں اٹلانٹک عبور کرنے کا اعزاز حاصل کیا؟

ج :- وکی وین میٹروہ

س :- دنیا کی کم عمر ترین پائلٹ وکی وین نے بارہ سال کی عمر میں کب اٹلانٹک عبور کرنے کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- جون 1994ء کو

س :- پندرھویں عالمی کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کا افتتاح کب اور کس جگہ ہوا تھا؟

ج :- 17 جون 1994ء کو شکاگو میں

س :- ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں لٹل ماسٹر حنیف محمد کا 499 رنز کا عالمی ریکارڈ کب اور کس نے توڑا تھا؟

ج :- جون 1994ء میں ویسٹ انڈیز کے کھلاڑی برائن لارا نے برمنگھم میں کاونٹی چیمپئن شپ میچ کے دوران 501 رنز بنا کر

س :- جاپان نے کب پہلی مرتبہ ایٹم بم بنانے کی اہلیت کا اعتراف کیا تھا؟

ج :- 18 جون 1994ء کو

س :- 20 جون 1994ء کو ایران کے ایک مشہور شہر میں ایک مشہور مزار پر بم دھماکہ سے سو سے زائد افراد جاں بحق ہو گئے تھے شہر کا نام اور صاحب مزار کا نام بتائیں؟

ج :- مشہد مقدس میں امام رضا کا مزار

س :- ممتاز روسی مصنف یوری ایم ناگی بن کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 23 جون 1994ء کو 74 سال کی عمر میں

س :- پاکستان کے کس ممتاز سرجن نے گردوں کی تبدیلی کے آپریشنوں کا عالمی ریکارڈ کب اور کتنے اپریشن کر کے کیا تھا؟

ج :- کرنل ڈاکٹر مختار حمید شاہ نے 1993ء میں گردوں کے 118 اپریشن کئے جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے جب کہ آج تک کسی ایک ڈاکٹر نے ایک سال میں زیادہ سے زیادہ 25 اپریشن کئے ہیں

س :- جنوبی افریقہ کو تیس سال کے بعد کب دوبارہ جنرل اسمبلی میں شامل کیا گیا تھا؟

ج :- 24 جون 1994ء کو

س :- ورلڈ کپ فٹ بال کی تاریخ کا 1500 واں گول کب اور

کس کھلاڑی نے کیا تھا؟

ج :- جون 1994ء کو ارجنٹائن اور نائجیریا کے مابین ہونے والے میچ میں ارجنٹائن کے کھلاڑی کلاڈیو کینگیا نے

س :- 24 جون 1994ء کو سری لنکا کے ایک صدر نے پارلیمنٹ توڑ دی تھی صدر کا نام بتائیں؟

ج :- وجے تنگا

س :- 25 جون 1994ء کو جاپان کے ایک وزیراعظم نے صرف 2 ماہ ہی وزارت عظمیٰ پر فائز رہنے کے بعد استعفیٰ دے دیا تھا وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- سوتو مو ناتا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ میرا ڈونا نے ورلڈ کپ فٹ بال کے 21 میچ کھیلنے کا ریکارڈ کب برابر کیا تھا؟

ج :- 26 جون 1994ء کو نائجیریا کے خلاف کھیل کر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ میرا ڈونا نے ورلڈ کپ فٹ بال کے 21 میچ کھیلنے کا عالمی ریکارڈ کن کھلاڑیوں کا قائم کردہ ریکارڈ برابر کیا تھا؟

ج :- مغربی جرمنی کے یودی سیلر کا ریکارڈ 1958 سے 1970 تک کی شرکت اور پولینڈ کے ولڈ سلازموڈا کے ریکارڈ 1974ء سے 1986ء تک کی شرکت۔

س :- جاپان کی سوشلسٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والے مسٹر تومی

ایچی مورایاما کب جاپان کے وزیر اعظم منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 29 جون 1994ء کو

س :- 1994ء کے فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں کس ملک کے کس کھلاڑی نے معمر ترین کھلاڑی ہونے کا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- کیمرون کے 42 سالہ کھلاڑی راجر ملا نے

س :- 29 جون 1994ء کو فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں کس ملک کے کھلاڑی نے روس کے خلاف واحد گول کر کے معمر ترین سکورر ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- کیمرون کے کھلاڑی راجر ملا نے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نیوراٹیلوا نے آل انگلینڈ کلب میں اپنا 266 واں میچ کھیل کر ومبلڈن کا نیا ریکارڈ کب قائم کیا تھا؟

ج :- 30 جون 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نے 30 جون 1994ء کو کس سابق معروف کھلاڑی کا 265 میچ کھیلنے کا ریکارڈ توڑ دیا تھا؟

ج :- بلی جین کنگ

س :- 27 سالہ طویل جلا وطنی کے بعد یاسر عرفات کب آزاد فلسطین کے شہر غزہ میں داخل ہوئے تھے؟

ج :- یکم جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دولت مشترکہ کی پندرہویں کھیلیں کب اور کس شہر میں منعقد کی گئی تھیں؟

ج :- 18 اگست 1994ء کو کو کینیڈا کے شہر وکٹوریہ میں

س :- فلسطینی ریڈیو نے باقاعدہ طور پر اپنی نشریات کا آغاز کب کیا تھا؟

ج :- 3 جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 3 جولائی 1994ء کو ہفتے کی سہ پہر ریڈیو فلسطین سے پہلا اعلان کیا نشر کیا گیا تھا؟

ج :- "فلسطینی علاقے میں رہنے والے بہنوں اور بھائیو! یہ وائس آف فلسطین ہے"

س :- مشرقی یورپ کے مسلم اکثریتی ملک البانیہ کے آخری کمیونسٹ صدر کا نام بتائیں؟

ج :- رمیض علی (عمر 68 سال)

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ البانیہ کے آخری کمیونسٹ صدر رمیض علی کو انسانی حقوق پامال کرنے اور سرکاری خزانہ میں خورد برد کرنے کے جرم میں کب نو سال قید کی سزا کا حکم سنایا گیا تھا؟

ج :- 3 جولائی 1994ء کو

س :- 1958ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- فرانس کے کلاڈ سائمن

س :- یہ بتائیے کے جاپان کی پہلی خاتون خلا باز چیاکی نیتو مکائی کب خلا میں گئی تھی؟

ج :- 8 جولائی 1994ء

س :- 14 ویں ورلڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے میزبان ملک کا نام بتائیں؟

ج :- اٹلی

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ صدر کم ال سنگ نے کتنا عرصہ تک شمالی کوریا پر حکمرانی کی تھی؟

ج :- 46 برس

س :- 46 سال تک شمالی کوریا پر حکمرانی کرنے والے صدر کم ال سنگ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 9 جولائی 1994ء کو 82 سال کی عمر میں

س :- 10 جولائی 1994ء کو نیپال کے وزیر اعظم نے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا تھا وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

ج :- گرجا پرشاد کوئرالا

س :- 1986ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- نائیجیریا کے وول سوئنکا کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فٹ بال ورلڈ کپ ٹورنامنٹ برازیل نے چوتھی مرتبہ کس ملک کو اور کب شکست دے کر اعزاز جیتا تھا؟

ج :- 17 جولائی 1994ء کو اٹلی کو دو کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر۔

س :- 1994ء کے فٹ بال ورلڈ کپ میں حصہ لینے والی اس واحد ٹیم کا نام بتائیں جو ایک بھی گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی؟

ج :- یونان کی ٹیم

س :- روانڈا میں صدر پاسکہ بمنگو نے کب اپنے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 19 جولائی 1994ء کو

س :- دنیا میں ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعہ پیدا کی جانے والی پہلی شارک کب پیدا ہوئی تھی؟

ج :- جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا میں ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعہ پیدا کی جانے والی پہلی شارک کا نام کیا رکھا گیا تھا؟

ج :- لکی

س :- 1987ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- امریکہ کے جوزف براڈسکی کو

س :- 23 جولائی 1994ء کو گیمبیا میں فوج نے کس صدر کی حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا؟

ج :- صدر داؤد جوارا

س :- سپین کی مشہور شاعرہ اور ناول نگار روساچا چیل کا انتقال

کب ہوا تھا؟

ج :- 30 جولائی 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کی آزادی کے لئے لڑنے والی تنظیم "ساؤتھ افریقین فرنٹ لائن آرگنائزیشن" کو کب توڑ دیا گیا تھا؟

ج :- 31 جولائی 1994ء کو

س :- اردن کے شاہ حسین نے پہلی مرتبہ کب خود طیارہ چلاتے ہوئے اسرائیلی علاقے پر پرواز کی تھی؟

ج :- 3 اگست 1994ء کو

س :- جاپانی تاریخ کی سب سے بڑی ڈکیتی پانچ اگست 1994ء کو ہوئی تھی یہ بتایئے کہ اس ڈکیتی میں کتنی مالیت کی جاپانی کرنسی ڈاکو لوٹ کر لے گئے تھے؟

ج :- 54 لاکھ ڈالر مالیت کی جاپانی کرنسی ایک بنک سے لوٹی گئی

س :- مارچ 1987ء کو پاکستان کے مشہور موٹر سائیکلسٹ سلطان محمد گولڈن نے 269 فٹ لمبی موٹر سائیکل جمپ لگا کر عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا یہ بتایئے کہ سلطان محمد گولڈن کا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں کب درج کیا گیا؟

ج :- اگست 1994ء کو

س :- کیا آپ اس چوتھے پاکستانی کا نام جانتے ہین کہ جس کا نام گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں درج ہے؟

ج :- سلطان محمد گولڈن

س :- 1988ء میں ادب پر نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- مصر کے نجیب محفوظ کو

س :- ڈومنی کن کے مسلسل ساتویں بار منتخب ہونے والے صدر کا نام بتائیں؟

ج :- جواکین بیلا گر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مسٹر جواکین بیلا گر کب ساتویں مرتبہ ڈومنی کن کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 14 اگست 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہین کہ 19 اگست 1994ء کو سری لنکا کی وزارت اعظمیٰ کا حلف کس خاتون شخصیت نے اٹھایا تھا؟

ج :- چندریکا کمارا تنگا

س :- یو ایس اوپن کی 108 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کب اور کس سپینش کھلاڑی نے اعزاز جیتا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء میں سپینش کھلاڑی سانچز نے

س :- ستمبر 1994ء آپ جانتے ہیں کہ جان شیر خان نے چھٹی مرتبہ عالمی اوپن سکواش کا اعزاز کب جیتا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء کو

س :- 1989ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج :- سپین کے کیمیلو جوزسیلا کو

س :- یہ بتائیے کہ جان شیر خان نے جہانگیر خان کا چھ مرتبہ عالمی اوپن سکواش جیتنے کا ریکارڈ کب برابر کیا تھا؟

ج :- ستمبر 1994ء کو

س :- ستمبر 1994ء میں بھارت میں ایک زبردست مہلک وبائی مرض پھیل گیا تھا جس سے ہزاروں لوگ ہلاک ہو گئے تھے وبا کا نام بتائیں؟

ج :- طاعون

س :- یہ بتائیے کہ بارہویں ایشین گیمز جاپان کے کس شہر میں ہوئے تھے؟

ج :- ہیروشیما

س :- جاپان کے شہر ہیروشیما میں ہونے والے بارہویں ایشین گیمز کا افتتاح کس شخصیت نے کیا تھا؟

ج :- جاپان کے شہنشاہ اکی ہیٹو نے

س :- بارہویں ایشین گیمز ہیروشیما کے کس مشہور اسٹیڈیم میں ہوئے تھے؟

ج :- بگ اسٹیڈیم

س :- بارہویں ایشین گیمز کا آغاز کب ہوا تھا؟

ج :- 2 اکتوبر 1994ء کو

س :- چار اکتوبر 1994ء کو چین کے ایک صوبہ یں ایک جھیل کا پل گر گیا تھا جس سے 160 مقامی سیاح جھیل میں ڈوب گئے

بتایئے یہ واقعہ چین کے کس صوبہ کے کس مقام پر پیش آیا تھا؟

ج:- صوبہ گوانگ ڈونگ میں گوانگ ژو سے تقریباً" ساٹھ کلو میٹر شمالی مشرق میں واقع تفریح مقام "کانگ ہوا" جھیل کا پل

س:- 13 اکتوبر 1994ء کو ایران کا ایف 28 فوکر طیارہ تہران سے 330 کلو میٹر دور کارکس کے پہاڑی سلسلے میں گر کر تباہ ہو گیا تھا بتایئے اس حادثہ میں کل کتنے افراد ہلاک ہو گئے تھے؟

ج:- 59 مسافروں اور عملے کے سات افراد سمیت کل 66 افراد

س:- پندرہ اکتوبر 1994ء کو بھارت نے جنوبی بھارت میں سری ہری کوٹہ کے مقام پر قائم خلائی مرکز سے ایک انتہائی طاقتور راکٹ سے ایک سیارہ مدار میں پہنچایا تھا سیارے کا وزن اور لمبائی بتائیں؟

ج:- وزن 870 کلو اور لمبائی 132 فٹ (44 میٹر)

س:- اردن اور اسرائیل کے مابین امن معاہدہ سودے پر ابتدائی دستخط کب ہوئے تھے؟

ج:- 17 اکتوبر 1994ء کو

س:- مصر کے بعد اُس دوسرے عرب ملک کا نام بتائیں جس کا اسرائیل کے ساتھ باقاعدہ امن سمجھوتہ ہوا؟

ج:- اردن

س:- 1991ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج:- جنوبی افریقہ کے نادین گورڈیمار کو

س:- 1992ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج:- سینٹ لوسین کے ڈیرک والکوٹ کو

س:- 1993ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج:- امریکہ کے ٹونی موری سن کو

س:- 1994ء میں ادب کا نوبل انعام کس شخصیت کو دیا گیا تھا؟

ج:- جاپان کے کنزا بورو ار کو

س:- نوبل امن انعام دینے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کب ایک ہی انعام تین شخصیات کو دینے کا اعلان کیا گیا؟

ج:- سال 1994ء میں

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1994ء میں نوبل انعام برائے امن کن تین شخصیات کو دیا گیا؟

ج:- فلسطین کے یاسر عرفات' اسرائیل کے وزیر اعظم اضحاق رابن اور وزیر خارجہ شمعون پیریز

س:- اکتوبر 1994ء میں بھارت کے صوبہ راجستھان میں کس مرض کے پھیلنے سے چار ہزار افراد ہلاک اور 78 ہزار سے زائد افراد سے متاثر ہوئے تھے؟

ج:- ملیریا

س:- اٹلی کے اس جمناسٹک کے ماہر کا نام بتائیں جس نے ستمبر 1994ء میں مسلسل 28 گھنٹے اور 42 منٹ سر کے بل کھڑے رہنے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا؟

ج :- 30 سالہ مائیکل

س :- ورلڈ ہیوی ویٹ چمپئن باکسنگ کی تاریخ میں سب سے پہلے کس باکسر نے اور کب معمر ترین ورلڈ ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- جیری جو وا لکٹ 1951ء میں 37 سال کی عمر میں

س :- باکسنگ کی تاریخ میں سب سے زیادہ معمر ترین عالمی ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز کس نے اور کب حاصل کیا تھا؟

ج :- جارج فورمین نے 5 نومبر 1994ء کو 45 سال کی عمر میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 5 نومبر 1994ء کو امریکی ریاست نوادا کے شہر لاس ویگاس میں ہونے والے ایک بین الاقوامی مقابلہ میں جارج فورمین نے کس مشہور باکسر کو دسویں راؤنڈ میں ناک آوٹ کر کے معمر ترین عالمی ہیوی ویٹ چمپئن کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- امریکی ہیوی ویٹ چمپئن مائیکل موار کو

س :- کیا آپ سری لنکا کی پہلی خاتون صدر کا نام جانتے ہیں؟

ج :- مسز چندریکا کمارا تنگا

س :- سری لنکا کی پہلی خاتون صدر مسز چندریکا کمار تنگا نے کب صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 12 نومبر 1994ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ہلمٹ کوہل جرمنی کے 5 ویں بار

چانسلر کب منتخب ہوئے تھے؟

ج :- 15 نومبر 1994ء کو

س :- 1982ء سے 1994ء تک جرمنی کے مسلسل منتخب ہونے والے چانسلر کا نام بتائیں؟

ج :- ہلمٹ کوہل

س :- ٹینس کی تاریخ ساز کھلاڑی مارٹینا نے اپنا پہلا ومبلڈن ٹائٹل کب اور کتنی عمر میں جیتا تھا؟

ج :- 1978ء میں 21 سال کی عمر میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹینس کی مشہور کھلاڑی مارٹینا نے دنیائے ٹینس کو خیرباد کہنے کا اعلان کب کیا تھا؟

ج :- 16 نومبر 1994ء کو

س :- آٹھواں ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کب اور کس شہر میں ہوا تھا؟

ج :- 23 نومبر 1994ء کو آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں

س :- آٹھواں ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کس ملک نے اور کب جیتا تھا؟

ج :- پاکستان نے ہالینڈ کو ہرا کر 4 دسمبر 1994ء _

س :- تیرہ جنوری 1995ء کو پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ سٹنٹ مین سلطان محمد خان گولڈن نے فیصل آباد میں کس چیز کا منفرد عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 153 فٹ ریورس موٹر کار جمپ

س :- 20 جنوری 1995ء کو ایران کے ایک سابق وزیراعظم 88 سال کی عمر میں سوئیزرلینڈ کے کے ایک ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ نام بتائیے؟

ج :- مہدی بازرگان

س :- امریکہ کے 35 ویں صدر جان ایف کینڈی کی والدہ روز کینڈی کب، کتنی عمر میں اور کس عارضہ سے انتقال کر گئیں؟

ج :- جنوری 1995ء میں 104 سال کی عمر میں نمونیہ سے

س :- کیا آپ برطانیہ کی پہلی لڑاکا پائلٹ خاتون کا نام جانتے ہیں؟

ج :- جون سالٹر

س :- یہ بتائیے کہ برطانیہ نے خواتین کو جیٹ لڑاکا طیارے اڑانے کی اجازت کب دی تھی؟

ج :- 1991ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ برطانیہ کی پہلی لڑاکا پائلٹ خاتون 26 سالہ فلائیٹ لیفٹیننٹ جان سالٹر نے کب یہ اعزاز حاصل کیا تھا؟

ج :- 11 فروری 1995ء کو

س :- جلدی سے بتائیے کہ ہمسایہ ملک ایران یں اسلامی انقلاب کی سولھویں سالگرہ کب منائی گئی تھی؟

ج :- فروری 1995ء میں

س :- یہ بتائیے کہ موٹوں کی کا دیس کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

ج :- بحرالکاہل جنوبی کی ریاست ٹونگا جہاں کی اکثریت موٹاپے کا شکار ہے

س :- گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق اس بادشاہ کا نام بتائیں جو دنیا کا موٹا ترین بادشاہ تھا؟

ج :- ٹونگا کا بادشاہ طاؤفا آدھا ٹوپو چہارم

س :- امریکہ کے مشہور اتھلیٹ مائیکل جانسن نے کب چار سو میٹر کی انڈور ریس 44.97 سیکنڈ میں جیت کر نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- فروری 1995ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ امریکی اتھلیٹ مائیکل جانسن سے پہلے امریکہ ہی کے ایک اتھلیٹ ڈینی ایوریٹ نے چار سو میٹر کی انڈور ریس میں کیا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- انہوں نے 1992ء میں مقررہ فاصلہ 45.2 سیکنڈ میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا جسے 1995ء میں مائیکل جانسن نے توڑ دیا۔

س :- یہ بتائیے کہ امریکہ کی کس عالمی چیمپئن خاتون سپیڈ سکیٹر نے فروری 1995ء میں پانچ سو میٹر کے خواتین کی ریس کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- بونی بلیر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فروری 1995ء میں امریکہ کی عالمی چیمپئن خاتون سپیڈ سکیٹر بونی بلیر نے پانچ سو میٹر کی خواتین کی ریس کا فاصلہ کتنی مدت میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 38.69 سیکنڈ میں

س :- امریکی ٹیلی ویژن سے پہلی بار مارچ 1995ء میں ایک ایسا پروگرام شروع کیا گیا جو صرف موٹے لوگوں کے بارے میں ہے پروگرام کا نام بتائیں؟

ج :- بگ پیپل نیوز

س :- امریکی ٹیلی ویژن کا مشہور پروگرام "بگ پیپل نیوز" کس شہر سے نشر کیا جاتا ہے؟

ج :- امریکی ریاست آئیووا کے شہر گرائمز سے

س :- 1995ء میں گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق دنیا کے سب سے پست قد شخص کا نام اور قد بتائیں؟

ج :- بھارت کا گل محمد جس کا قد 22 انچ

س :- "دی اولڈ مین اینڈ دی گورمز" کس کی تصنیف ہے؟

ج :- برطانیہ کے شہزادہ چارلس کی

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ برطانیہ کے شہزادہ چارلس کی کس کتاب سے ماخوذ ایک فلم 1993ء میں برطانوی ٹیلی ویژن سے ٹیلی کاسٹ ہوئی تھی؟

ج :- دی اولڈ مین اینڈ دی گورمز

س :- 67 ویں آسکر فلم ایوارڈ کا اعلان کب اور کہاں ہوا تھا؟

ج :- 28 مارچ 1995ء کو لاس اینجلس میں

س :- یہ بتائیے کہ سال 1995ء میں بہترین اداکار کا آسکر ایوارڈ کس مشہور اداکار کو دیا گیا تھا؟

ج :- اداکار ٹوم ھانکز کو فلم فارسٹ گرمپ میں بہترین اداکاری کرنے پر

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین اداکارہ کا آسکر ایوارڈ کس اداکارہ کو دیا گیا تھا؟

ج :- فلم بلیو سکائی میں بہترین کام کرنے پر اداکارہ جاسیکا لانج کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین معاون اداکارہ آسکر ایوارڈ کس اداکار کو دیا گیا تھا؟

ج :- فلم ایڈورڈ میں بہترین کام کرنے پر اداکار مارٹن لانڈو کو

س :- یہ بتائیے کہ سال 1995ء میں بہترین معاون اداکار کا آسکر ایوارڈ کس اداکارہ کو ملا تھا؟

ج :- فلم بولٹز اوور براڈے میں بہترین کام پر اداکارہ ڈینی ویسٹ کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ سال 1995ء میں بہترین ڈاکو میٹری فلم کا آسکر ایوارڈ کس فلم کو دیا گیا تھا؟

ج :- فلم مایہ لائن کو

س :- یہ بتایئے کہ سال 1995ء میں بہترین ہدائیت کاری کا آسکر ایوارڈ کس فلمی ہدائیکار کو دیا گیا تھا؟

ج :- فارسٹ گرمپ فلم کے ہدایت کار روبرٹ زمیکز

س :- چین کا معمر ترین شخص گوانگ لیفا کب اور کتنی عمر میں انتقال کر گیا تھا؟

ج :- 30 مارچ 1995ء کو 147 سال کی عمر میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 25 مارچ 1995ء کو 1095 دن کی سزا کاٹنے کے بعد کس مشہور عالمی ہیوی ویٹ باکسنگ چیمپئن کو انڈیانا جیل سے رہا کیا گیا تھا؟

ج :- ملک عبدالعزیز کو (مائیک ٹائی سن سابقہ نام)

س :- تائیوان کی نیشنل یونیورسٹی کے ایک سائنسدان اوریجن یو ان نے ایک ایسا کمپیوٹر تیار کیا جو چینی زبان میں کسی تقریر کو سنتا اور پھر اسے چینی رسم الخط میں ٹائپ بھی کر دیتا ہے اس کمپیوٹر کا نام گولڈن منڈرین نمبر 3 رکھا گیا اس کمپیوٹر میں تیرہ ہزار چینی حروف موجود ہیں اور گیارہ سال کی محنت کے بعد تیار ہوا ہے یہ بتایئے کہ یہ کمپیوٹر کب تیار ہو کر مکمل ہوا تھا؟

ج :- مارچ 1995ء میں

:- یہ بتایئے کہ 1995ء کے صدارتی انتخاب میں ترک قبرص کے کون سے رہنما کامیاب ہوئے تھے؟

:- رؤف ڈینکتاش

س :- جلدی سے بتایئے کہ 1995ء میں سنوکر کے عالمی چیمپئن کون تھے؟

ج :- پاکستان کے محمد یوسف

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مصر کے فرعون توت کا اہرام کتنے فٹ بلند ہے؟

ج :- 482 فٹ بلند اور 876 مربع فٹ پر مشتمل ہے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں حضرت نورالدین ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی درگاہ کہاں پر واقع ہے؟

ج :- سری نگر سے چالیس کلومیٹر دور چرار شریف میں

س :- چرار شریف میں واقع حضرت نور الدین ولی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی درگاہ کو اور مسجد کو بھارتی فوجیوں نے کب بمباری کر کے شہید کر دیا تھا؟

ج :- جمعرات 11 مئی 1995ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ ایتھوپیا کے کس کھلاڑی نے جون 1995ء میں دس ہزار میٹر کی ریس میں عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- گبر سیلاسی

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جون 1995ء میں ایتھوپیا کے

کھلاڑی گبرسیلاسی نے دس ہزار میٹر کی ریس کا مقررہ فاصلہ کتنی مدت میں طے کرکے عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 26 منٹ اور 43.53 سیکنڈ میں

س :- یہ بتائیے کہ جون 1995ء میں ایتھوپیا کے کھلاڑی گبرسیلاسی کے قائم کردہ عالمی ریکارڈ سے پہلے دس ہزار میٹر کی ریس میں عالمی ریکارڈ کس نے قائم کیا تھا؟

ج :- کینیا کے کھلاڑی ولیم سیگائی نے 1994ء میں اوسلو میں 26 منٹ اور 52.23 سیکنڈ میں مقررہ فاصلہ طے کرکے قائم کیا تھا۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کے پہلے کمپیوٹر کے موجد جان ایٹاناسوف کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- 17 جون 1995ء کو 91 سال کی عمر میں

س :- پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ کرکٹر عمران خان کی شادی کب اور کہاں ہوئی تھی؟

ج :- 20 جون 1995ء کو برطانیہ میں

س :- جولائی 1995ء میں امریکہ کے ایک کاشتکار نے جس کا نام بوبی وہٹلے تھا کس چیز کی کاشت کرکے نیا ریکارڈ قائم کیا تھا؟

ج :- 280 پاؤنڈ وزنی تربوز پیدا کرکے

س :- یہ بتائیے کہ "میلانیورا" کیا ہے؟

ج :- یہ ایک 25 فٹ لمبا اور ایک انچ چوڑا زمینی کیڑا ہے جو

ماہرین حیوانات نے سال 1995ء میں دریافت کیا

س :- دنیا میں اپنی نوعیت کا سب سے پہلا ہسپتال ناروے میں قائم ہے جہاں پر مریضوں کا علاج نہیں ہوتا بتائیے کہ وہاں پر کن کا علاج کیا جاتا ہے؟

ج :- ایسے لوگوں کا علاج کیا جاتا ہے جو اپنے آپ کو مریض تصور کرتے ہیں۔

س :- یہ بتائیے کہ محمد علی کے بعد دوسرے مسلمان باکسنگ ہیوی ویٹ ورلڈ چیمپئن کا نام کیا ہے؟

ج :- ملک عبدالعزیز (سابقہ نام مائک ٹائی سن)

س :- امریکہ کے کسی شہر کے سب سے کم عمر منتخب میئر کا نام بتائیں؟

ج :- لوئی ویلڈز

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ امریکہ کے لوئی ویلڈز جنہیں امریکہ کے کسی شہر کا سب سے کم عمر میئر ہونے کا اعزاز حاصل ہے کب اور کس شہر کے میئر منتخب ہوئے؟

ج :- اگست 1995ء میں نوگلیز شہر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پہلی عالمی کانفرنس نسواں کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1975ء میں میکسیکو میں

س :- یہ بتائیے کہ خواتین کی چوتھی عالمی کانفرنس کب اور کس

شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- چار ستمبر 1995ء کو چین کے شہر بیجنگ میں

س :- پاکستان میں پہلی بار "یوم بحریہ" کب باقاعدہ طور پر بنایا گیا؟

ج :- آٹھ ستمبر 1995ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ فلسطینی پاسپورٹ پہلی مرتبہ کب جاری کیا گیا تھا؟

ج :- اپریل 1995ء

س :- پاکستان کا بائیسواں ریڈیو اسٹیشن کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

ج :- لاڑکانہ میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کا صوبہ سندھ میں چوتھا ریڈیو اسٹیشن کس شہر میں قائم کیا گیا تھا؟

ج :- لاڑکانہ

س :- 18 ستمبر 1995ء کو انٹرنیشنل کانفرنس برائے صحت کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- یوگنڈا کے دارالحکومت کمپالا میں

س :- ایشیائی ترقیاتی بنک کے 56 ویں ممبر ملک کا نام بتائیں؟

ج :- ازبکستان

س :- یہ بتایئے کہ ازبکستان کو ایشیائی ترقیاتی بنک نے کب اپنا

ممبر بنایا تھا؟

ج :- 13 ستمبر 1995ء کو

س :- خواتین کی چوتھی عالمی کانفرنس منعقدہ بیجنگ کی صدارت کس خاتون نے کی تھی؟

ج :- چین کی چن مھویا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بیجنگ میں ہونے والی چوتھی عالمی کانفرنس نسواں میں کتنے ملکوں کے وفود نے شرکت کی تھی؟

ج :- 107 ممالک کے دس ہزار وفود نے

س :- یہ بتایئے کہ بیجنگ میں ہونے والی چوتھی عالمی کانفرنس نسواں میں کتنی تعداد میں خاتون نمایندوں نے شرکت کی تھی؟

ج :- 45000 ہزار

س :- یہ بتایئے کہ خواتین کی چوتھی بین الاقوامی کانفرنس منعقدہ بیجنگ کب ختم ہوئی تھی اور کتنے دن جاری رہی؟

ج :- 15 ستمبر 1995ء کو گیارہ دن جاری رہنے کے بعد

س :- ایئر فرانس کے ایک کنکارڈ طیارے نے اگست 1995ء میں دنیا کے گرد چکر لگا کر ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا یہ بتایئے کہ طیارے نے یہ فاصلہ کتنے وقت میں طے کیا تھا؟

ج :- اس طیارے نے نیویارک سے پرواز کے بعد 31 گھنٹے 27 منٹ اور 49 سیکنڈ میں دنیا کا چکر لگا کر واپس نیویارک پہنچ کر عالمی ریکارڈ قائم کیا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اس سے قبل کا قائم کردہ عالمی ریکارڈ کیا تھا؟

ج :- اس سے قبل کا ریکارڈ 32 گھنٹے 39 منٹ کا تھا جو کہ اکتوبر 1992ء میں قائم کیا گیا تھا اور جہاز پر 98 مسافر سوار تھے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کا پہلا ایٹمی دھماکہ کس ملک نے اور کب کیا تھا؟

ج :- امریکہ نے جولائی 1945ء میں نیومیکسیکو کے صحرا میں

س :- یہ بتایئے کہ چین نے اپنا پہلا ایٹمی دھماکہ کب کیا تھا؟

ج :- 1964ء میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ بھارت کے نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر سبرامنیم چندر شیکھر کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے؟

ج :- 1910ء میں لاہور میں

س :- یہ بتایئے کہ بھارتی نژاد امریکی سائنسدان چندر شیکھر کو فزکس کا نوبل انعام کب دیا گیا تھا؟

ج :- 1983ء میں

س :- یہ بتایئے کہ نوبل انعام یافتہ سائنسدان چندر شیکھر کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج :- ستمبر 1995ء میں شکاگو میں

س :- کیا آپ نشریاتی ادارہ سی این این کے بانی کا نام جانتے

ہیں؟

ج :- ٹیڈٹرنر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 15 جولائی 1995ء تک اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے ذمہ کتنے بلین ڈالر کی رقم واجب الادا ہے؟

ج :- 2.65 بلین ڈالر

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اقوام متحدہ کا سب سے زیادہ مقروض ملک کون سا ہے؟

ج :- امریکہ

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ جولائی 1995ء تک امریکہ کے ذمہ اقوام متحدہ کی کتنی رقم واجب الادا ہے؟

ج :- باقاعدہ بجٹ کی مد میں 527 ملین ڈالر جبکہ 650 ملین ڈالر امن اپریشنوں کی مد میں واجب الادا ہیں۔

س :- یہ بتایئے کہ بین الاقوامی قانون کمیشن کا سینتالیسواں اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا تھا؟

ج :- دو مئی سے بارہ مئی 1995ء تک جینوا میں

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ اقوام متحدہ کے زیراہتمام غیر سرکاری تنظیموں کی 48 ویں سالانہ کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟

ج :- 18 تا 29 ستمبر 1995ء کو نیویارک میں

س :- یہ بتایئے کہ ہانگ کانگ میں برطانوی حکومت کے زیرکنٹرول آخری انتخابات کب ہوئے تھے؟

ج :- ستمبر 1995ء میں

س :- پولینڈ کے پہلے غیر کمیونسٹ وزیراعظم کا نام بتائیں؟

ج :- مازووکی

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ خواتین کی دوسری عالمی کانفرنس کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1980ء میں ڈنمارک کے شہر کوپن ہیگن میں

س :- یہ بتایئے کہ خواتین کی تیسری عالمی کانفرنس کب اور کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟

ج :- 1985ء میں نیروبی میں

س :- دنیا میں کتابوں کی سب سے بڑی دکان کہاں پر واقع ہے؟

ج :- برطانیہ کے شہر لندن کے ڈبلیو اینڈ جی فوائل لمیٹڈ دنیا کی سب سے بڑی کتابوں کی دوکان ہے جہاں سب سے زیادہ کتابیں فروخت کے لیے موجود رہتی ہے اس دکان کے شیلف جن پر کتابیں رکھی ہیں دنیا میں سب سے زیادہ طویل سمجھے جاتے ہیں ان کی مجموعی لمبائی تقریباً" پچاس کلومیٹر بنتی ہے 1904ء میں لندن کے ایک نواحی علاقے واشنگٹن میں یہ ایک چھوٹی سی کتابوں کی دکان تھی جو کہ 119 - 113 چیئرنگ کراس روڈ پر منتقل ہو چکی ہے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کا سب سے بڑا گلوب کتنے وزن اور کتنے حجم میں تھا؟

ج :- دنیا کے سب سے بڑے ریوالونگ گلوب کا قطر دس میٹر اور وزن تیس ٹن ہے اس کو گلوب آف پیس کہا جاتا ہے اس گلوب کو ایک اطالوی باشندے نے 1982ء سے 1987ء کے دوران تیار کیا تھا

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ امریکی صدر کی رہائش گاہ کو وائٹ ہاؤس کیوں کہا جاتا ہے؟

ج :- 1812ء کی جنگ کے دوران اس عمارت کو زبردست نقصان پہنچا تھا عمارت کے بدنما داغوں اور دھبوں کو چھپانے کیلیئے اس پر سفید رنگ کر دیا گیا جس کی وجہ سے لوگ اسے وائٹ ہاؤس کہنے لگے تاہم اس بات کی تصدیق سرکاری طور 1902ء میں ہوئی تھی

س :- کیا آپ دنیا کے سب سے بڑے اور وزنی دروازے کے بارے میں جانتے ہیں؟

ج :- امریکہ کی ریاست فلوریڈا کی وہیکل اسمبلی کے چار دروازوں کو سب سے بڑے دروازے کہا جاتا ہے جن کی اونچائی 140 میٹر ہے جبکہ کیلی فورنیا کی لارنس لیور، مور نیشنل لیبارٹری کے لینر ٹارگٹ روم کا دروازہ سب سے وزنی ہے جس کا وزن 326.5 ٹن ہے اور یہ دروازہ 6.43 میٹر اونچا ہے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ مشہور سائنسدان آئن اسٹائن کی آنکھیں چالیس سال تک کس آئی بنک میں محفوظ کر کے رکھی گئی تھیں؟

ج :- نیوجرسی کے ایک آئی بنک میں

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آئن اسٹائن کی آنکھیں کس مشہور ڈاکٹر کی ملکیت ہیں؟

ج :- نیوجرسی کے ڈاکٹر ہنری ابرامز کی جو کہ 1955ء تک آئن سٹائن کے ذاتی معالج امراض چشم رہے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ کب یہ انکشاف ہوا تھا کہ آئن سٹائن کی آنکھیں نیوجرسی کے ایک آئی بنک میں رکھی ہوئی ہیں؟

ج :- جولائی 1995ء میں

س :- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مشہور سائنسدان آئن سٹائن کا دماغ کس ڈاکٹر کے پاس دماغی تحقیق کیلئے موجود ہے؟

ج :- کیناس کے ایک اپارٹمنٹ میں ایک پیتھالوجسٹ ڈاکٹر تھامس ہاروے کے پاس

س :- یہ بتایئے کہ مشہور سائنسدان آئن سٹائن کو کہاں دفن کیا گیا تھا؟

ج :- ان کو دفن نہیں کیا گیا تھا بلکہ 18 اپریل 1955ء کو دوپہر کے وقت ان کی لاش کو جلا دیا گیا تھا اور راکھ موقع پر ہی بکھیر دی گئی تھی

س :- دنیا میں سب سے زیادہ تیل نکالنے والے چشمے کس اسلامی ملک میں ہیں؟

ج :- کویت

س :- سعودی عرب کا قومی دن کس تاریخ کو ہوتا ہے؟

ج :- 23 ستمبر

س :- دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا پہلا "جوتوں کا میوزیم" کس شہر میں قائم کیا گیا ہے؟

ج :- کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں

س :- یہ بتایئے کہ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں قائم "جوتوں کا میوزیم" کب عوام کے لیے باقاعدہ طور پر کھول دیا گیا تھا؟

ج :- چھ مئی 1995ء کو

س :- پاکستان میں پہلی مرتبہ کب شترمرغ کے انڈوں سے بچے پیدا ہوئے تھے؟

ج :- اگست 1995ء میں جلوسفاری پارک لاہور شترمرغ کے چار انڈوں سے بچے پیدا ہوئے تھے

س :- برطانیہ کے اخبار "سن اور سٹار" نے سعودی عرب کے بادشاہ شاہ فہد کو "دل کا بادشاہ" کا خطاب دیا بتایئے کیوں؟

ج :- سال 1995ء میں شاہ فہد نے ایک چار سالہ بچی کے علاج کے لیے ڈیڑھ لاکھ پاونڈ یعنی تقریباً ستر لاکھ روپے عطیہ دیے تھے

س :- یہ بتائیے کہ امریکی سینٹ نے 21 ستمبر 1995ء کو کس سینیٹر کی طرف سے پیش کی جانے والی ترمیم جو کہ پریسلر قانون میں ترمیم کے بارے میں تھی منظور کی تھی؟

ج :- سینیٹر براؤن

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 21 ستمبر 1995ء کو سینیٹر براؤن کی طرف سے پیش کی گئی پریسلر قانون میں ترمیم کتنے ووٹوں سے منظور کی گئی تھی؟

ج :- 45 کے مقابلے میں 55 ووٹوں سے

س :- مصر کے شہر قاہرہ میں منعقدہ غیر جانبدار مالک کے دوسرے اجلاس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 47

س :- زمبیا کے شہر لوساکا میں منعقد ہونے والی غیر جانبدار ممالک کی تیسری کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 54

س :- یہ بتائیے کہ الجیریا کے شہر الجیرز میں ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی چوتھی کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 75

س :- سری لنکا کے شہر کولمبو میں ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی پانچویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 86

س :- کیوبا کے شہر ہوانا میں منعقد ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی چھٹی کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 94

س :- بھارت کے شہر دہلی میں منعقد ہونے والی غیرجانبدار ممالک کی ساتویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟

ج :- 101

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ غیر جانبدار تحریک کا اجلاس کتنی مدت کے بعد ہوتا ہے؟

ج :- ہر تین سال بعد

س :- یہ بتائیے کہ غیرجانبدار تحریک کا صدر کون سا ملک ہوتا ہے؟

ج :- جس ملک میں اس تحریک کے رکن ممالک کا اجلاس ہوتا ہے وہ ملک اگلے تین برس کے لیے اس کا صدر ہوتا ہے۔

س :- تنظیم اسلامی کانفرنس کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

ج :- سعودی عرب کے شہر جدہ میں۔

س :- یہ بتائیے کہ عرب لیگ کا قیام کب عمل میں

ج :- 22 مارچ 1945ء

س :- 30 مارچ 1995ء کو کس ملک کا مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا تھا جس میں 59 افراد ہلاک ہوگئے تھے؟

ج :- رومانیہ کا طیارہ جو کہ برسلز جا رہا تھا۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ پرتھوی میزائل کب بھارتی فوج کے حوالے کیے گئے تھے؟

ج :- 7 اپریل 1995ء کو

س :- یہ بتایئے کہ 1949ء میں برٹش اوپن سکواش چیمپئن شپ کس کھلاڑی نے جیتی تھی؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ایم - اے۔ کریم نے۔

س :- یہ بتایئے کہ 1950ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ایم - اے کریم

س :- یہ بتایئے کہ 1951ء اور 1952ء میں برٹش اوپن سکواش کا ٹائیٹل کس نے جیتا تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان نے

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1952ء اور 1953ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1954ء ، 1955ء اور 1956ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1957ء میں برٹش اوپن سکواش کا ٹائیٹل کس نے جیتا تھا؟

ج :- پاکستان کے روشن خان نے۔

س :- یہ بتایئے کہ 1958 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے ہاشم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1959ء اور 1960ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کھلاڑی کون تھا؟

ج :- پاکستان کے اعظم خان

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1961ء اور 1962ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے اعظم خان

س :- یہ بتایئے کہ 1963 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے محب اللہ خان سینئر

س :- یہ بتایئے کہ 1964 اور 1965 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ابو طالب۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1966ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون کھلاڑی تھا؟

ج :- مصر کے کھلاڑی ابوطالب۔

س :- یہ بتایئے کہ 1967ء اور 1968ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون کھلاڑی تھا؟

ج :- آئرلینڈ کا جونا ہونیگٹن۔

س :- یہ بتایئے کہ 1969ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے کھلاڑی جیف ہنٹ

س :- یہ بتائیے کہ 1970ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آئرلینڈ کے کھلاڑی جونا ہونیگٹن

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1974ء میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے کھلاڑی جیف ہنٹ۔

س :- یہ بتائیے کہ 1975 میں برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے قمرالزمان۔

س :- یہ بتائیے کہ 1976ء سے 1981ء تک مسلسل چھ سال تک برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- آسٹریلیا کے جیف ہنٹ۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 1982ء سے 1991ء تک مسلسل دس برس تک برٹش اوپن سکواش کا فاتح کون تھا؟

ج :- پاکستان کے جہانگیر خان۔

س :- یہ بتائیے کہ 1992 اور 1996 تک لگاتار پانچ برس تک برٹش اوپن سکواش کا اعزاز کس نے جیتا؟

ج :- پاکستان کے جان شیر خان۔

س :- یہ بتائیے کہ امریکی صدر بل کلنٹن کو کب سینٹ میں زبردست شکست ہوئی تھی کہ بجٹ مسترد کر دیا گیا؟

ج :- 20 مئی 1995ء کو

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 13 جون 1995ء کو پاکستان کا بجٹ کتنی مالیت کا پیش کیا گیا تھا؟

ج :- چار کھرب 31 ارب روپے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 21 جون 1995ء کو برطانیہ کے کس وزیراعظم نے حکمران کنزرویٹو پارٹی کی قیادت سے استعفیٰ دے دیا تھا؟

ج :- جان میجر

س :- سترہ جولائی 1995ء کو مڈغاسکر میں ایک طیارہ تباہ ہو گیا تھا اس طیارہ میں پاکستانی اور بھارتی ڈاکٹروں کی اکثریت سوار تھی بتائیے کتنے مسافر اس حادثہ میں ہلاک ہوگئے تھے؟

ج :- 34

س :- یہ بتائیے کہ 16 اگست 1995ء کو کس ملک نے زیر زمین ایٹمی دھماکہ کیا تھا؟

ج :- چین نے۔

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ چین نے اپنا پہلا ایٹمی دھماکہ کب کیا تھا؟

ج :- 1964ء میں۔

س :- یہ بتائیے کہ سال 1995ء تک امریکہ کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا ہے؟

ج :- 950

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ روس سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج:- 600

س:- یہ بتائیے کہ فرانس سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج:- 200

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ برطانیہ سال 1995ء تک کتنے ایٹمی دھماکے کر چکا تھا؟

ج:- 60

س:- یہ بتائیے کہ مسٹر جیکولیس شیراک کب فرانس کے صدر منتخب ہوئے تھے؟

ج:- سات مئی 1995ء کو

س:- 28 اکتوبر 1995ء کو آذربائیجان میں ریل گاڑی میں آگ لگ گئی تھی بتائیے اس حادثہ میں کتنے مسافر زندہ جل گئے تھے؟

ج:- 300 مسافر

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ اسرائیلی وزیراعظم اسحاق رابن کو کب ہلاک کر دیا گیا تھا؟

ج:- 3 نومبر 1995ء کو

س:- 14 نومبر 1995ء کو کس ملک کے ویزے دنیا بھر میں بند کر دیئے گئے تھے؟

ج:- امریکہ

س:- یہ بتائیے کہ چین نے جدید ترین لڑاکا بمبار طیارہ F-10 کب تیار کیا تھا؟

ج:- سات دسمبر 1995ء کو

س:- 13 دسمبر 1995ء کو رومانیہ کی ایئرلائن کا ایک مسافر بردار طیارہ اٹلی میں ایک ہوائی اڈے پر اترتے ہوئے تباہ ہوگیا تھا بتائیے کہ اس کے سوار کتنے افراد ہلاک ہوگئے تھے؟

ج:- 41 افراد

س:- یہ بتائیے کہ پاکستان کی سپریم کورٹ نے کب یہ تاریخ ساز فیصلہ دیا تھا کہ سپریم کورٹ کی مستقل آسامیوں پر ایڈہاک جج مقرر نہیں کیے جاسکتے۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے مستقل چیف جسٹس صاحبان کی سفارش کے بغیر صدر انتظامیہ کی طرف سے اعلیٰ عدالتوں میں ہونے والی ججوں کی تقرری اور مستقلی غیر آئینی اور غیر موثر ہے؟

ج:- 20 مارچ 1996ء

س:- کیا آپ جانتے ہیں کہ 20 مارچ 1996ء کو پاکستان کی سپریم کورٹ نے جو تاریخ ساز فیصلہ سنایا یہ فل بنچ کون کون سے ججز پر مشتمل تھا؟

ج چیف جسٹس سجاد علی شاہ، مسٹر جسٹس اجمل میاں، مسٹر جسٹس فضل الٰہی خان، مسٹر جسٹس منظور حسین سیال اور مسٹر

جسٹس میر ہزار خان کھوسو۔

س :- یہ بتایئے کہ چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کتنے ملکوں کی ٹیموں نے حصہ لیا تھا؟

ج :- بارہ

س :- چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کن دو ملکوں کی ٹیموں کے مابین فائنل کھیلا گیا تھا؟

ج :- سری لنکا اور آسٹریلیا

س :- یہ بتایئے کہ چھٹے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل کب اور کہاں پر کھیلا گیا تھا؟

ج :- سترہ مارچ 1996ء کو لاہور میں۔

س :- چھٹا عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کس ملک نے جیتا تھا؟

ج :- سری لنکا نے آسٹریلیا کو سات وکٹوں سے ہرا کر

س :- سات اپریل 1996ء کو کرکٹ کی سنگر ٹرافی کا فائنل کن دو ملکوں کے مابین کھیلا گیا تھا؟

ج :- پاکستان اور سری لنکا

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ سات اپریل 1996ء کو کرکٹ کی سنگر ٹرافی کس ملک نے جیتی تھی؟

ج :- پاکستان نے سری لنکا کو 43 رنز سے ہرا کر

س :- فلسطین کی قومی کونسل نے کب بھاری اکثریت سے پی ایل او کے چارٹر میں تبدیلی کرکے اپنے منشور سے یہ شق نکال دی

کہ جس میں اسرائیل کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا عہد کیا گیا تھا؟

ج :- اپریل 1996ء

س :- جنوبی افریقہ کی فوج نے اپنا قومی نشان جو کہ کیپ ٹاؤن قلعہ کی تصویر تھی جسے ڈچ حکمرانوں نے تعمیر کرایا تھا ختم کر دیا اور اس کی جگہ پر نو کونوں والا ستارہ نشان رکھ دیا بتایئے کب؟

ج :- 27 اپریل 1996ء

س :- کیا آپ جانتے ہیں کہ 19 اپریل 1996ء کو شارجہ کرکٹ کپ کا فائنل کن دو ملکوں کے مابین ہوا تھا؟

ج :- جنوبی افریقہ اور بھارت

س :- یہ بتایئے کہ 19 اپریل 1996ء کو شارجہ کرکٹ کپ کس نے جیتا تھا؟

ج :- جنوبی افریقہ نے بھارت کو 38 رنز سے ہرا کر۔

س :- پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ کرکٹر عمران خان نے "تحریک انصاف" کے نام سے اپنی سیاسی جماعت قائم کرنے کا اعلان کب کیا تھا؟

ج :- 25 اپریل 1996ء

س :- مسٹر اٹل بہاری واجپائی نے بھارت کے وزیراعظم کی حیثیت سے کب حلف اٹھایا تھا؟

ج :- 16 مئی 1996ء

س :- بھارت کے وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے کب از خود

وزارت عظمیٰ سے استعفیٰ دے دیا تھا؟

ج:- 29 مئی 1996ء

س:- مسٹر ایچ ڈی دیو گوڈا نے بھارت کے وزیراعظم کی حیثیت سے کب حلف اٹھایا تھا؟

ج:- یکم جون 1996ء

س:- بھارت کے سابق وزیراعظم این سنجیو ریڈی کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج:- 83 سال کی عمر میں یکم جون 1996ء کو۔